
# بیاض شہباز



PDFBOOKSFREE.PK

حکیم شہباز حسین اعوان کمالی سوہدروی

شاگرد رشید

حکیم محمد یٰسین دنیاپوری رحمۃ اللہ علیہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

| | |
|---|---|
| کتاب کا نام | بیاض شہباز |
| مصنف | حکیم شہباز حسین اعوان |
| ناشر | حکیم عروہ وحید سلیمانی |
| طبع اول | اپریل ۲۰۱۱ء |
| تعداد | ۱۰۰۰ |
| قیمت | -/۸۰ روپے |

دستیابی

ادارہ مطبوعات سلیمانی

رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور • فون 042-37232788
042-37361408 E-mail: idarasulemani@yahoo.com
www.sulemani.com.pk

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


# فہرست


| | | | |
|---|---|---|---|
| انتساب | 7 | ہائی بلڈ پریشر کورس | 17 |
| پیش لفظ | 9 | مردانہ بانجھ پن کورس | 18 |
| بواسیری کورس | 11 | شوگر ختم کورس | 18 |
| پائلز کیپسول | 11 | پراسٹیٹ گلینڈر کورس | 19 |
| پائلز آئل | 11 | شربت سرکنڈا | 20 |
| عمل خاص | 11 | سرعت انزال کورس | 20 |
| مردانہ کمزوری کورس | 12 | شربت خاص | 21 |
| شبابی کیپسول | 12 | حب مقوی اعصاب نقرئی | 21 |
| طلائے مقوی | 13 | بخارین | 22 |
| حب ذکاوتی | 13 | لیکورین | 22 |
| سفوف لذیذ | 13 | سفوف مغلظ خاص | 22 |
| مسکن خاص | 14 | کرن جوانی گولیاں | 23 |
| بانجھ پن، لیکوریا کورس | 14 | سفوف مراد | 24 |
| تریاق رحم کورس | 15 | درد شکن آئل | 24 |
| اکسیر رحم کیپسول | 15 | اکسیر چھپاکی | 24 |
| صدری کیپسول | 15 | اکسیر الرجی احمری | 25 |
| سوکڑا کورس | 16 | بول بستری | 25 |
| پتھری گردہ ومثانہ کورس | 16 | کندن | 25 |
| السر کورس | 17 | حابس | 26 |

Courtesy www.pdfbooksfree.pk




| | | | |
|---|---|---|---|
| اکسیر پیچش | 26 | کشتہ تانبہ سفید | 38 |
| تریاق اسہال و سنگرہنی | 27 | خارشی مرہم | 40 |
| سفوف جواہر | 27 | بادیان ملین | 40 |
| اکسیر اطفال | 27 | حب شاہی | 41 |
| مرہم جادو | 28 | حب ممسک خاص | 41 |
| کاری خاص | 28 | اکسیر الامراض | 42 |
| پیام شفاء | 29 | اللہ شافی کورس | 44 |
| فوری | 29 | کشتہ توتیا اکسیری | 45 |
| اکسیر قے و دست | 30 | اعصابی سیٹ | 47 |
| اکسیر یرقان | 30 | عضلاتی سیٹ | 48 |
| حب بلڈ پریشر | 30 | غدی سیٹ | 48 |
| ہاضم خاص | 31 | حب خاص اجملی | 49 |
| تریاق نزلہ | 31 | کچلہ مدبر | 50 |
| سر درد نزلہ کیرا | 32 | روغن برقی | 51 |
| معجون مادۃ الحیات | 33 | حب درد گردہ | 51 |
| سواکھارِ پاچن | 33 | یادگار منجن | 52 |
| جنرل ٹانک | 34 | اکسیر شوگر گولیاں | 53 |
| پچپنہ کیپسول | 34 | درد شکن گولیاں | 54 |
| ششماہی سانپ کاٹے کا علاج | 35 | معجونِ خاص | 54 |
| طلائے خاص اکسیری | 35 | ٹھنڈک | 55 |
| دمہ درد کیپسول | 36 | سفوف صحت | 56 |
| نسوار فالج اکسیری | 37 | سفوف خراطین | 56 |
| صدفی خاص | 37 | سفوف حیات | 57 |
| کشتہ صدف کافوری | 37 | حیات جاوید | 58 |

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



| | |
|---|---|
| تریاق معدہ | 58 |
| خاتونی | 59 |
| حب مقوی و مسکن | 59 |
| تریاق مذی | 60 |
| کینسر کورس | 60 |
| حب نرینہ | 61 |
| گیس ٹربل کورس | 61 |
| خروجِ رحم کورس | 63 |
| تختہ منصوبہ بندی | 63 |
| برائے دھدر و چنبل | 64 |
| ملین نمبر 1 | 64 |
| تریاق نمبر 6 | 65 |
| حب شفاء | 65 |
| اعصابی کھار | 66 |
| اعصابی عضلاتی اکسیر | 66 |
| ملین نمبر 5 | 66 |
| ملین نمبر 4 | 67 |
| تریاق تبخیر | 67 |
| عضلاتی سیٹ | 68 |
| غدی سیٹ | 68 |
| اعصابی سیٹ | 69 |
| برائے ہائی بلڈ پریشر | 69 |
| اکسیر لیکوریا | 69 |
| حب لاجواب زعفرانی | 70 |
| ہاضم نمبر 1 | 70 |
| سفوف مفرح | 71 |
| سیلف کنٹرول کیپسول | 71 |
| دوائے سرخ | 72 |
| اکسیر ہڑتال ورقیہ | 72 |
| اکسیر البدن فولادی | 72 |
| اکسیر کیرا | 73 |
| حب بندق | 73 |
| برقی نسوار | 73 |
| حب مقوی اعصاب | 74 |
| قروح معدہ | 74 |
| خارش سفوف | 75 |
| اکسیر برص | 76 |
| حب جوزی | 76 |
| شوگرین | 76 |
| شوگر کنٹرول کیپسول | 77 |
| مغلظ خاص | 77 |
| مغلظ شاہی | 77 |
| اکسیر جگر کمونی | 78 |
| چسٹینہ | 78 |
| سنگ شکن | 79 |
| اکسیر پتھری پتہ | 79 |
| حب شفاء جدید | 80 |
| حب مقوی باہ | 80 |

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



| | | | |
|---|---|---|---|
| معجون مقوی باہ | 81 | یاقوتی خاص | 92 |
| حب لاثانی | 81 | اکسیر قلب یونانی | 93 |
| درد شکن کیپسول | 82 | اکسیر مذی | 93 |
| قبض کشا گولیاں | 82 | اکسیر صداع | 93 |
| رسکپور اکسیری | 82 | صلایہ شنگرف | 94 |
| صلایہ رسکپور | 83 | ہاضم نمبر 5 | 94 |
| حب کیمیائے بدن | 84 | گرمی توڑ | 95 |
| حب زعفران | 84 | جگرین | 95 |
| سفوف مراد | 85 | تریاق کینسر | 96 |
| مصفی خاص | 85 | عرق ہیپاٹائٹس | 97 |
| مرہم جادو | 86 | عرق ہیپاٹائٹس و کینسر | 97 |
| مرہم سیاہ | 87 | سفوف خاص الخاص | 98 |
| شبابی کیپسول | 87 | سوسی | 98 |
| تریاق سوکڑا | 88 | امروسیاء | 99 |
| سپر مقوی باہ گولیاں | 88 | سنگ شکن یونانی | 100 |
| حب زعفرانی | 88 | قہوہ کلتھی | 100 |
| حب گردہ | 89 | اکسیر سنگرہنی | 100 |
| پیشاب آور | 89 | دوائے قابض | 101 |
| پتھری گردہ و مثانہ | 90 | معجون قبض کشاء | 101 |
| زعفران پلس کیپسول | 90 | اکسیر اٹھرا | 102 |
| فیور کیور یونانی | 91 | ہاضوم | 102 |
| ٹھنڈک آسان | 91 | مستورین کیپسول | 103 |
| اکسیر ہیپاٹائٹس | 91 | موٹاپہ دور شربت | 103 |
| اکسیر طحال | 92 | کف کیور یونانی | 104 |

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



# انتساب

میں اپنی اس علمی اور فنی کاوش کو

اپنے نانا جان چوہدری **محمد شریف اعوان** مرحوم اور

اپنی نانی جان **مہتاب بی بی** مرحومہ

مدفون بڑا پنڈ تحصیل ظفر وال ضلع نارووال

کے نام موسوم کرتا ہوں۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ مرحومین کی قبروں کو

جنت الفردوس کا باغ بنائے۔

اور تمام قارئین کتاب سے گزارش ہے کہ وہ ان مرحومین کے لئے

حسب توفیق قرآن پاک اور درود شریف پڑھ

کر ایصال ثواب کریں۔

شکریہ

حکیم شہباز حسین اعوان کمالی سوہدرہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# پیش لفظ

پیارے طبیب بھائیو!

السلام علیکم!

جس طرح فوجیوں کیلئے اسلحہ بے حد ضروری ہوتا ہے بالکل اسی طرح اطبائے کرام کیلئے مجرب ترین نسخہ جات بے حد ضروری ہوتے ہیں۔ یہ مختصر کتاب بیاض شہباز اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے اس میں ہم نے 100 سالہ طویل تحقیقات وتجربات کا حاصل 100 سے زائد ہر مرض کہ مجرب ترین سہل الحصول اور بے مثال مجربات اطبائے کرام کے پرزور اصرار پر فن طب اور اطبائے کرام کی نیک نامی میں اضافہ کے لیے اطبائے کرام کی خدمت میں تمام اسرار ورموز کے ساتھ پیش کررہے ہیں۔ان میں سے کئی نسخہ جات ایسے ہیں جن کو حاصل کرنے کے لیے ہمیں کئی کئی سال اور 10 ہزار سے بھی زائد رقم خرچ کرنی پڑی ہے۔ یہ تمام مجربات بے شمار تجربات کا نچوڑ ہیں جو کہ انتہائی سستے سہل الحصول فوری اثر اور لاجواب ہیں۔ اور یہ فن طب کے وہ نسخہ جات ہیں جو کہ درحقیقت ہیرے جواہرات ہیں۔ یہ بات تمام اطبائے کرام بخوبی جانتے ہیں کہ جب کوئی طبیب فن میں کمال دسترس حاصل کرتا ہے تو طویل تجربات کے بعد اس کے پاس ایسے مجربات آجاتے ہیں جو کہ صرف چند اجزاء پر مشتمل اور سہل الحصول اور محیر العقول خواص کے حامل ہوتے ہیں۔ ہر طبیب کے پاس ایک تو ایسا نسخہ ضرور ہوتا ہے۔ایسے نسخہ جات ہی درحقیقت اطبائے کرام اپنے سینوں میں چھپائے رکھتے ہیں اور بعض تو اپنی اولاد کو بھی نہیں بتاتے لیکن میں بفضل تعالیٰ یہ تمام انمول مجربات بلا بخل اطبائے کرام کی خدمت میں پیش

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کر رہا ہوں۔ آپ ان نسخہ جات کے اجزاء کو حقیر جانتے ہوئے ان کو معمولی نہ سمجھئے گا بلکہ حقیقت یہ ہے کہ جن امراض پر لوگوں کے لاکھوں روپے اور کئی سال بھی خرچ ہو گئے تھے اور آرام کی کوئی صورت نظر نہیں آئی تھی اللہ تعالیٰ کے خصوصی کرم و فضل سے ہم ان نسخہ جات سے ایسے لاعلاج امراض میں بے حد کامیاب ہوئے ہیں اور لاتعداد زندہ در گور مریض شفایاب ہوئے ہیں۔ خدا شاہد ہے کہ جس محنت اور طویل جدوجہد کے ساتھ یہ نسخہ جات ترتیب دیئے گئے ہیں اور جتنا ان مجربات کا رزلٹ اگر ان میں سے صرف ایک نسخہ کی قیمت ہی تین لاکھ روپے ہو تو کم ہے مگر ہم نے صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے یہ تمام نسخہ جات بلا بخل اطبائے کرام کی خدمت میں پیش کیے ہیں اور اس کتاب کی جو قیمت مقرر کی گئی ہے یہ بے حد معمولی ہے۔ میری تمام اطبائے کرام کی خدمت میں گزارش ہے کہ وہ اس کتاب سے خوب استفادہ کریں اور میرے لیے خصوصی دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے دین و دنیا میں ترقی عطا فرمائے۔ آمین

حکیم شہباز حسین اعوان
کمالی سوہدروی

PAKISTAN VIRTUAL LIBRARY
www.pdfbooksfree.pk

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



# بواسیری کورس

بواسیری کورس، پائلز کیپسول اور پائلز آئل پر مشتمل ہے اس کے ایک ماہ کے استعمال سے بواسیری خونی و بادی کا مکمل خاتمہ ہو جاتا ہے۔

## پائلز کیپسول (گرم تر):

**ھوالشافی:**

پوست ریٹھہ 100 گرام　　　مغز تخم نیم 100 گرام

دونوں ادویات کو خوب باریک پیس کر خالی بڑے کیپسول بھر لیں۔

**خوراک:** ایک کیپسول صبح دوپہر شام، بعد از غذا پانی کے ساتھ

## پائلز آئل (گرم تر):

**ھوالشافی:**

کیسٹر آئل ۱۰۰ گرام　　　کافور ۱۰ گرام

کیسٹر آئل نیم گرم کر کے کافور ملا لیں۔ خوب ملا لیں پھر ٹھنڈا کر کے کسی شیشی میں ڈال لیں اور دن میں دو تین بار بواسیری مسّوں پر لگائیں۔ اس کے استعمال سے جلن، سوزش اور درد، خارش وغیرہ کو فوری افاقہ ہو جاتا ہے۔ اس کے ساتھ روزانہ بارہ بجے دن بواسیر کے مریضوں کو عمل خاص بھی کروائیں۔

## عمل خاص:

مریض برف کا ایک ٹکڑا لے کر لیٹرین میں بیٹھ جائے اور مسّوں کو اچھی طرح دھو کر ان پر برف کا ٹکڑا اچھی طرح ملے کم از کم پانچ۔ دس منٹ ضرور روزانہ یہ عمل کریں۔ اس

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کے دو ہفتہ کے استعمال سے مسّے ختم ہو جائیں گے۔

**غذائی پرہیز:**

بواسیر خونی کے مریض انڈے، گوشت، تیز مرچ، مصالحوں سے مکمل پرہیز کریں۔

**نوٹ:** اگر بواسیر خونی کے مریض کو خون بہت آ رہا ہو تو گیرو سفوف بنا کر ایک ماشہ تا تین ماشہ پانی یا دودھ کے ساتھ کھلا دیں ایک دو خوراک میں خون بند ہو گا۔

# مردانہ کمزوری کورس

مردانہ کمزوری کے لئے یہ خاص الخاص اور مجرب فارمولا ہے جو کہ طویل تجربات اور ہزاروں روپے کے خرچ کے بعد ترتیب دیا گیا ہے اور مزے کی بات یہ ہے کہ ہر قسم کے مضر اثرات سے بھی پاک ہے اور ہر قسم کے کشتہ جات سے بھی پاک ہے۔

**شبابی کیپسول (خشک گرم):**

**هوالشافی:**

عقرقرحا عمدہ اصلی ۵۰ گرام — جلوتری ۵۰ گرام

مغز جائفل ۵۰ گرام — لونگ ۵۰ گرام

تمام ادویات کا سفوف بنا اور اس مرکب کے سفوف کو میدے والی چھلنی میں چھان لیں یہ خاص راز ہے اس طرح دوا بے حد باریک ہو جائے گی پھر اس دوا کے بڑے خالی کیپسول بھر لیں اور ایک کیپسول صبح دوپہر شام دودھ کے ساتھ بعد از غذا استعمال کریں جب چند یوم میں صحت بحال ہو جائے تو پھر ایک کیپسول صبح و شام کر دیں یہ نسخہ بیک وقت مقوی، محرک اور ممسک ہے اس کے ساتھ ایک خاص راز بھی آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں شبابی کیپسول مردانہ قوت بحال کرنے کے لئے بے حد مفید اور مجرب ہیں ان کیپسول کا ایک ماہ کا استعمال کافی رہتا ہے۔ اگر کسی مریض کو ان سے خاطر خواہ فائدہ نہ ہو رہا ہو اور یا کوئی ایسا مریض ہو جس کی عمر زیادہ ہو تو ایسی صورت میں اس نسخہ میں ۵۰ گرام کچھ مدبر کا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اضافہ کر کے کیپسول بھر لیں پھر ان شاء اللہ آپ کی مرضی کے مطابق رزلٹ ملے گا اس کے ساتھ ساتھ طلائے مقوی کا استعمال بھی مریض کو ضرور کروائیں۔

**طلائے مقوی (خشک گرم):**

روغن دارچینی ۱۰ گرام　　روغن لونگ ۱۰ گرام
روغن بیضہ مرغ ۱۰ گرم　　کاربالک ایسڈ ۱۰ گرام
روغن مالکنگنی ۱۰۰ گرام　　ملالیں تیار ہے۔

رات کو سوتے وقت طلا استعمال کریں جملہ خرابیوں کے لئے بے حد مجرب ہے۔

## احتلامی کورس

یہ کورس، کثرت احتلام جریان منی اور ذکاوت حس کے لئے بے حد مجرب ہے۔

**حب ذکاوتی (گرم تر):**

**هوالشافی:**

تخم دھتورہ ۵۰ گرام　　فلفل سیاہ ۵۰ گرام
گوند کیکر ۵۰ گرام

تینوں ادویات کو مانند غبار کر کے پانی ملا کر حب بقدر نخودی بنالیں اور اوپر ورق نقرہ چڑھالیں۔

**خوراک:** ایک گولی صبح ۱۰ بجے اور ایک گولی شام 5 بجے دودھ کے ساتھ۔

**سفوفِ لذیذ (تر گرم):**

**هوالشافی:**

سونف ۵۰ گرام　　دھنیا ۵۰ گرام
چینی ۵۰ گرام　　میٹھا سوڈا ۵۰ گرام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

آدھا چمچ صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ اگر مریض کو قبض شدید ہو تو سفوف لذیذ ایک چمچ بھی صبح دوپہر شام استعمال کروایا جا سکتا ہے' سفوف لذیذ کثرت احتلام قبض گیس وغیرہ کے لئے بے حد مجرب ہے۔

## مسکن خاص (خشک سرد)

**ھو الشافی:**

پوست کوکنار ۵۰ گرام
کشتہ قلعی ۲۵ گرام
میٹھا سوڈا ۲۵ گرام
سفوف بنالیں۔

۱ تا ۲ ماشہ رات کو سوتے وقت پانی کے ساتھ دیں۔ یہ تینوں دوائیں روزانہ اکٹھی استعمال کریں تو فوری طور پر کثرت احتلام' ذکاوت' حس جریان وغیرہ کا خاتمہ ہو کر صحت بحال ہو جاتی ہے۔ یہ کورس کثرت احتلام وغیرہ نوجوانوں کے امراض کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے کم از کم ۲ ہفتہ کا کورس ضرور کروائیں۔

## بانجھ پَن' لیکوریا کورس (خشک سرد)

**ھو الشافی:**

کشتہ فولاد ہیرا کیس والا ۵۰ گرام
کشتہ بیضہ مرغ ۵۰ گرام
کشتہ توتیا اکسیری ۵۰ گرام
کشتہ صدف مروارید ی ۵۰ گرام

تمام کشتہ جات ملا کر خالی بڑے کیپسول بھر لیں ایک کیپسول صبح دوپہر شام بعد از غذا ہمراہ دودھ ایک ماہ کا کورس کریں۔ ایسے بانجھ پن میں مبتلا عورتیں جن کو ساتھ لیکوریا بھی ہو یہ دوا بے حد فائدہ کرتی ہے اس کے استعمال سے لیکوریا اور جملہ امراض رحم کا خاتمہ ہو کر مریضہ صاحبِ اولاد ہو جاتی ہے۔ اگر دورانِ استعمال دوا قبض ہو تو دودھ زیادہ پی لیں۔ کشتہ فولاد ہیرا کیس والا اور کشتہ توتیا اکیسری کی ترکیب کتاب کے آخر میں ملاحظہ فرمائیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



# تریاقِ رحم کورس

اس کورس سے پرانے سے پرانا لیکوریا' سوزش رحم ورم' رحم رسولی' رحم کینسر' رحم رحم کا بڑھ جانا رحم کا باہر نکلنا' ڈاکٹر کہیں رحم نکلوا دیں وغیرہ بالکل ٹھیک ہو جاتے ہیں لا علاج اور مایوس مریضوں کے لئے خاص تحفہ ہے۔

**ھوالشافی:**

پوست ریٹھہ سوختہ ۱۰۰ اگرام　　　　کشتہ سنکھ سادہ ۱۰۰ اگرام

دونوں کا سفوف بنا کر خالی بڑے کیپسول بھر لیں' ایک کیپسول صبح دوپہر شام دودھ کے ساتھ دیں۔ اس کے ساتھ اکسیر رحم کیپسول اصبح وشام دیں۔

# اکسیر رحم کیپسول (خشک گرم)

کشتہ توتیا اکسیری لے کر چھوٹے خالی کیپسول بھر لیں یہ کیپسول اس نمبر کے لیں جن میں ایک رتی دوا بھر جائے' یہ کیپسول صبح وشام دودھ کے ساتھ دوسرے کیپسولیز کے ساتھ مریضہ کو کھلائیں اگر مریضہ کو قبض ہو تو رات کو سوتے وقت چھلکا اسبغول دیں ایک تا تین ماہ کورس کروائیں۔

# دمہ کورس' ٹی بی کورس

اس کورس کے تین ماہ کے مسلسل استعمال سے دمہ مستقل دور ہو جاتا ہے۔ ٹی بی کے لئے بھی یہ مجرب ترین ہے۔

**صدری کیپسول (تر گرم):**

سوما کلپا بوٹی حسب ضرورت لے کر اس کو دردڑا کر لیں اور چھان لیں اس میں سے ایک گلابی رنگ کا جوہر نکلے گا یہ جوہر ۱۰۰ اگرام لیں۔

کشتہ ابرک سیاہ ۵۰ گرام　　　　کشتہ سرطان نہری ۵۰ گرام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



تینوں دوائیں ملا کر خالی بڑے کیپسول بھر لیں۔

ایک کیپسول صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ استعمال کروائیں ان کیپسولز کے ساتھ برگ بانسہ (اڑوسہ) کا شربت بنا کر دن میں دو تین بار 2 چمچ پانی میں ملا کر مریض کو روزانہ پلائیں اس کے ساتھ مریض کو پانی زیادہ پلائیں۔ تین ماہ کے استعمال سے دمہ دور ہوگا۔

**نوٹ**: اگر دمہ کا مریض سانس کی شدید تکلیف میں مبتلا ہو یا وہ دورے کی حالت میں آپ کے پاس آئے تو سوماکلپا کا جوہر اکیلا ایک ماشہ کی مقدار میں نیم گرم پانی کے ساتھ مریض کو کھلا دیں صرف چند منٹ میں دمہ کا دورہ دور ہوگا۔ سوماکلپا کا صرف جوہر حاصل کریں اس کو تھوڑا تھوڑا کوٹ لیں زیادہ نہ کوٹیں تاکہ بوٹی کا پھوک شامل نہ ہو۔

## سوکڑہ کورس (خشک تر)

سوکڑہ بچوں کا خطرناک مرض ہے اس دوا کے استعمال سے چالیس یوم میں سوکڑہ کا مکمل خاتمہ ہو کر بچہ موٹا تازہ اور طاقتور ہو جاتا ہے۔

**ھوالشافی**:

طباشیر نقرہ اصلی ۵۰ گرام — چونا بجھا ہوا ۵۰ گرام

گلیکوز ڈی ۵۰ گرام — سفوف بنالیں۔ ایک رتی دن میں تین بار پانی یا دودھ کے ساتھ سوکڑہ کے جملہ عوارضات دور ہوں گے۔

## پتھری گردہ ومثانہ کورس

**ھوالشافی**:

کشتہ حجر الیہود ۵۰ گرام — کپڑے دھونے والا سوڈا ۵۰ گرام

دونوں کو ملا کر خالی بڑے کیپسول بھر لیں۔

**خوراک**: ایک کیپسول صبح وشام ہمراہ کچی لسی یا شربت بزوری وغیرہ پانی زیادہ استعمال کروائیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


ایک ہفتہ میں پتھریاں نکلنی شروع ہو جائیں گی' ایک ماہ کا کورس کریں' پتھری گردہ و مثانہ کے لئے بے حد مجرب ہے۔

## السر کورس (گرم تر)

**ھوالشافی:**

زنجبیل ۵۰ گرام — پودینہ ۳۰ گرام

گندھک آملہ سار ۳۰ گرام

سفوف بنا لیں۔ ۱ تا ۲ گرام دن میں تین بار تازہ پانی کے ساتھ استعمال کروائیں۔ اس کے ساتھ صبح نہار منہ اور شام 4 بجے دو چمچ شہد خالص ایک گلاس پانی میں حل کر کے روزانہ پلائیں۔ ایک ماہ میں السر کا خاتمہ ہوتا ہے۔ سوزش معدہ' ورم معدہ درد معدہ میں مجرب ہے۔

## ہائی بلڈ پریشر کورس (تر سرد)

اس دوا کے مسلسل ایک ماہ با پرہیز استعمال سے ہائی بلڈ پریشر کا خاتمہ ہو جاتا ہے' ہائی بلڈ پریشر کے لئے فوری اثر ہے۔

**ھوالشافی:**

کشتہ چاندی ۱۰ گرام — کشتہ مرجان ۱۰ گرام

ست گلو اصلی ۱۰ گرام — صندل سفید ۱۰ گرام

کشنیز خشک ۱۰ گرام — گلسرخ پنکھڑیاں ۵۰ گرام

زہر مہرہ خطائی ۵۰ گرام

تمام ادویات کا سفوف مانند میدہ کر لیں۔

**خوراک:** آدھا یا ایک گرام دن میں دو تین بار۔

مربہ آملہ اور مربہ سیب برابر وزن لے لیں اور اس میں سے ایک چمچ صبح دوپہر شام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



پانی کے ساتھ لیں۔ ہائی بلڈ پریشر کے علاوہ یہ دوا ہر قسم کے صفراوی امراض کے لئے بے حد مجرب ہے۔ تمام گرم امراض کے لئے اس سے اچھی دوا ملنا محال ہے' تجربہ شرط ہے۔

## مردانہ بانجھ پن کورس (تر گرم)

**ھوالشافی:**

ثعلب مصری اتولہ — موصلی سفید اتولہ

مغز پنبہ دانہ اتولہ — چھلکا اسبغول اتولہ

ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۲ تولہ دوا لے کر دودھ میں ڈال کر کھیر بنالیں اور میٹھا ڈال کر کھالیں یہ خوراک روزانہ دن میں ایک بار اس کے ساتھ کشتہ توتیا اکسیری ایک رتی صبح وشام دودھ کے ساتھ دیں۔ 40 روزہ کورس سے مادہ منویہ میں جراثیم خوب پیدا ہو کر مرد قابل اولاد ہو جاتا ہے اس کے ساتھ ساتھ مردانہ کمزوری جریان اور سرعت انزال کا خاتمہ بھی ہو جاتا ہے۔

## شوگر ختم کورس (خشک گرم)

یہ دوا شوگر کے مریضوں کے لئے ایک نعمت ہے پاکستان کے ایک معروف حکیم صاحب کا یہ سینہ کا راز ہے جو کہ بڑی مشکل کے بعد ہاتھ لگا تھا اور یہ تاکید ہوئی تھی کہ یہ نسخہ ہرگز کسی کے علم میں نہ آئے میں یہ نسخہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے بخل کا قلعہ مسمار کر کے تمام اطبائے کرام کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ اس نسخہ کے استعمال سے (40 روزہ کورس) کئی مریضوں کی شوگر مستقل ختم ہو جاتی ہے۔ صاحب نسخہ اس دوا سے ہزاروں روپے ماہوار کما رہے ہیں لیجئے قارئین نسخہ حاضر خدمت ہے۔

**ھوالشافی:**

گڑمار بوٹی ۵۰ گرام — تخم کریلا ۵۰ گرام

تخم جامن ۵۰ گرام — پھل کیکر ۵۰ گرام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



| | |
|---|---|
| چرائتہ ۵۰ گرام | شاہترہ ۵۰ گرام |
| چاسکو بریاں ۵۰ گرام | پنیر ڈوڈی ۵۰ گرام |
| تمہ سالم ۵۰ گرام، | کشتہ فولاد ۲۰ گرام |
| کچلہ مدبر ۲۰ گرام | مروارید ۱۰ گرام |
| کشتہ یاقوت ۱۰ گرام | کشتہ زمرد ۱۰ گرام |
| شنگرف مدبر ۱۰ گرام | کشتہ زہر مہرہ ۱۰ گرام |
| کشتہ سونا ۵ گرام | سلاجیت ۲۰ گرام |
| افیون خالص ۲۰ گرام | کشتہ چاندی ۱۰ گرام |
| کشتہ توتیا اکسیری ۱۰ گرام | تخم دھتورہ ۱۰ گرام |
| اجوائن خراسانی ۱۰ گرام | تخم حرمل ۵۰ گرام |
| خراطین ۵۰ گرام | |

تمام ادویات کا سفوف مانند میدہ بنالیں اور 250mg والے کیپسول بھر لیں۔
ایک کیپسول صبح وشام اگر شوگر بہت زیادہ ہو تو تین خوراک روزانہ دے دیں ۴۵ روزہ کورس سے مستقل شفا ہوگی اگر مریض کو قبض ہو تو مصبر کیپسول میں بھر کر کھلا دیں، قبض بھی صحیح ہو جائے گی۔

شنگرف مدبر کی ترکیب کتاب کے آخر میں دیکھیں۔

## پراسٹیٹ گلینڈز کورس (گرم خشک)

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| پوست ریٹھا سوختہ ۵۰ گرام | کشتہ سنکھ سادہ ۵۰ گرام |

دونوں کو خوب باریک کر کے بڑے خالی کیپسول بھر لیں۔ایک کیپسول صبح دو پہر شام پانی کے ساتھ اس کے ساتھ شربت سرکنڈا استعمال کروائیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



**شربت سرکنڈا:**

سرکنڈا کی جڑیں آدھا کلو لے کر ان کو اچھی طرح پانی سے دھولیں تاکہ مٹی وغیرہ سے صاف ہو جائیں جڑیں تازہ ہوں پھر ان کو اچھی طرح کوٹ لیں اور دو کلو پانی میں ڈال کر آگ پر رکھیں، جب پانی ایک کلو رہ جائے تو نیچے اتار کر ٹھنڈا کر کے چھان لیں اور اس میں ڈیڑھ کلو چینی ڈال کر شربت بنا لیں۔ پانچ تولہ شربت صبح و شام مندرجہ بالا ادویات کے ساتھ پلائیں ایک ماہ کے استعمال سے پراسٹیٹ گلینڈ بالکل نارمل ہو جائے گا۔

## سرعت انزال کورس

**خاص سینہ کا راز:**

یہ نسخہ خاص سینہ کا راز ہے۔ اس نسخہ کا حال ہی میں کامیاب تجربہ ہوا ہے۔ ایک سرعت انزال کا مریض اپنی زندگی سے تنگ آ چکا تھا ہر قسم کی قیمتی اور اعلیٰ ادویات سالہا سال استعمال کرنے سے بھی شفایاب نہ ہوا تو ایک روز ایک درویش سے اس کے متعلق بات ہوئی درویش صاحب علم سنیاسی تھا۔ اس نے یہ نسخہ بتایا آزمائش شروع ہوئی تو مریض ایک ماہ میں مکمل طور پر نامرد ہو گیا ایک ماہ بعد دوبارہ مذکورہ درویش صاحب سے رابطہ ہوا تو انہوں نے کہا کہ صرف مقوی اغذیہ گوشت، انڈے وغیرہ خوب استعمال کروائیں چند روز میں قوت بحال ہو جائے گی۔ حسب حکم مریض کو انڈے گوشت اور سبزیاں سری پائے وغیرہ خوب استعمال کروانے شروع کئے مریض دو تین ہفتہ میں مکمل طور پر مرد ہو گیا اور اس کی سرعت انزال مستقل ختم ہو گئی۔ وہ مریض جو کہ مکمل طور پر بیوی کے قابل نہ تھا مکمل مرد ہے۔ یہ نسخہ خاص سینہ کا راز تھا جو کہ صرف اطبائے کرام کے لئے پیش خدمت ہے۔

**ھوالشافی:**

کشتہ بیخ مرجان سادہ دو پیالوں میں بند کر کے آگ دے لیں۔

**خوراک:** ۲ رتی کشتہ مرجان پانچ تولہ مربہ گاجر اڑھائی تولہ مکھن تازہ کے ساتھ صبح نہار منہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کھلا دیں اور اوپر سے مریض کو شربت خاص ایک گلاس بنا کر پلا دیں۔

## شربت خاص: (تر گرم)

**ھوالشافی:**

سرکہ سفید (دتو اینڈ سنز) ایک کلو　　شہد خالص دو کلو

شہد کو کسی برتن میں ڈال کر گرم کر لیں اور پھر آگ سے نیچے اتار کر اس میں سرکہ ملا لیں اور شربت سا بنا کر اس کو بوتلوں میں بھر لیں۔

یہ شربت مریض کو دن میں دو بار ایک گلاس پانی میں اتنا ڈال کر کہ خوب میٹھا ہو جائے پلا دیں۔ اگر اس کے استعمال سے مریض کو سردی لگنے لگے تو پھر دن میں ایک دفعہ ہی استعمال کافی ہے۔

اس نسخہ کے استعمال سے مریض ایک ماہ میں مکمل طور پر ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔ اگر مریض زیادہ ہی ٹھنڈا ہو جائے تو پھر چند یوم شبابی کیپسول مریض کو کھلائے جا سکتے ہیں۔ ورنہ صرف مقوی اغذیہ کے استعمال سے ہی قوت بحال ہو جاتی ہے۔

اس نسخہ کے استعمال سے قبل ہم نے تقریباً ۱۰ ہزار روپے کی قیمتی ادویات بھی مریض کو کھلا دیں تھیں مگر مریض شفایاب نہ ہوا تھا لیکن بفضلہٖ تعالیٰ اس معمولی نسخہ سے مکمل طور پر شفایاب ہو گیا یہ دوا مسلسل ایک ماہ استعمال کرنی ضروری ہے۔

## حب مقوی اعصاب نقرئی (خشک گرم)

**ھوالشافی:**

کچلہ مدبر ایک تولہ　　سلاجیت ایک تولہ

کشتہ فولاد ایک تولہ　　مرچ سیاہ ایک تولہ

کشتہ بیضہ مرغ ایک تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنا کر حب بقدر نخود ی بنا لیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



**خوراک**: ایک گولی صبح وشام ہمراہ دودھ بعد از غذا۔

یہ نسخہ ہمارے خاندان کا ایک مایہ ناز تحفہ ہے اعصابی کمزوری جسمانی کمزوری، جسمانی درد، جوڑوں کے درد، بلڈ پریشر، پٹھوں کا کھچاؤ، مردانہ کمزوری، کمی حیض، بندش حیض، وغیرہ بے شمار امراض کے لئے مجرب ترین ہے۔

## بخارین (گرم تر)

**هوالشافی**:

مرچ سیاہ ۵۰ گرام      نمک سیاہ ۵۰ گرام

دونوں کو خوب باریک پیس لیں۔

**خوراک**: دو ماشہ صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ۔

ہر قسم کے موسمی بخاری اور ملیریا بخار، اعضا شکنی وغیرہ کیلئے بے حد مجرب ترین دوا ہے۔

## لیکورین (خشک سرد)

**هوالشافی**:

گل پستہ ۲۰ گرام      مائیں ۲۰ گرام
نسپال ۲۰ گرام      کشتہ سہ دھاتہ ۱۰ گرام
کشتہ بیضہ مرغ ۱۰ گرام      کشتہ توتیا اکسیری ۱۰ گرام۔

تمام ادویات کا سفوف بنا لیں۔

**خوراک**: آدھا گرام صبح وشام ہمراہ دودھ شدید تکلیف میں ایک گرام۔

**فوائد**: لیکوریا کے لئے بے حد مفید دوا ہے۔ دو تین ہفتہ کے استعمال سے لیکوریا کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

## سفوف مغلظ خاص (تر گرم)

**هوالشافی**:

تالمکھانہ ۱۰۰ گرام      کشنیز ۱۰۰ گرام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


زیرہ سفید ۱۰۰ گرام　　　چینی ۱۰۰ گرام

سفوف بنالیں۔

**ھوالشافی:** ۵ گرام صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ۔

**فوائد:** جریان، احتلام ذکاوت حس کے لئے بے حد مفید ہے اس کے ساتھ اگر کرن جوانی گولیاں دو ماہ تک استعمال کرلیں تو سرعت انزال مستقل ختم ہو جاتا ہے۔

## کرن جوانی گولیاں (خشک تر)

یہ ہمارے بزرگوں کا خاص نسخہ ہے جس کی دھوم پاکستان کے علاوہ بیرون ملک تک بھی ہے۔

**ھوالشافی:**

گوگل مصفی ۵ تولہ　　　لاجونتی ۱ تولہ

تالمکھانہ ۱ تولہ　　　تخم اونٹگن ۱ تولہ

موصلی سفید ۱ تولہ　　　ثعلب مصری ۱ تولہ

کشتہ فولاد ۱ تولہ　　　کشتہ قلعی ۱ تولہ

کشتہ سہ دھاتہ ۱ تولہ　　　شیر برگد ۵ تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور پھر شیر برگد ملا کر غلولہ بنالیں اور لوہار کی آئرن پر رکھ کر دس ہزار چوٹ لگائیں پھر حسب بقدر نخوذی بنالیں۔

**خوراک:** ایک یا دو گولی صبح شام بعد از غذا ہمراہ دودھ۔

**فوائد:** یہ دوا تمام مردانہ امراض کے خاتمہ کے لئے مجرب ہے اس کے علاوہ جسمانی کمزوری لو بلڈ پریشر اعصابی کھچاؤ وغیرہ کے لئے مجرب ترین ہے اس کے ساتھ سفوف مغلظ خاص اگر مسلسل ایک ماہ یا دو ماہ استعمال کروا دیا جائے تو سرعت انزال جیسے خطرناک مرض سے چھٹکارا حاصل ہو جاتا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

## سفوف مراد (تر گرم)

**ھوالشافی:**

تالمکھانہ ایک تولہ
بیج بند ایک تولہ
تخم اٹنگن ایک تولہ
ثعلب مصری ۲ تولہ
شقاقل مصری ۲ تولہ
موصلی سفید ۲ تولہ
موصلی سیاہ ۲ تولہ
پھول مکھانہ ۴ تولہ
سنگھاڑا ۱۴ تولہ
کمرکس ۶ تولہ

چینی تمام ادویات کے برابر وزن تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۹ ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ۔

**فوائد:** خزانہ منی کو پُر کرتا ہے۔ منی میں اولاد پیدا کرنے والے کیڑے بے حساب پیدا کرتا ہے، وزیر آباد کی ایک مشہور لیبارٹری کا خاص راز کا نسخہ ہے۔ منی بکثرت پیدا کرتا ہے۔ غرض کہ مجلوقین کے لئے آب حیات ہے بے اولادوں کو صاحب اولاد بنا دیتا ہے۔ ایک ماہ کا استعمال کافی ہے۔

## درد شکن آئل (خشک گرم)

**ھوالشافی:**

ست پودینہ ۱۰ گرام
روغن کنجد ایک پاؤ

تیل نیم گرم کر کے ست پودینہ ملالیں اور فوراً شیشی میں بند کرلیں ہر قسم کے جسمانی دردوں کیلئے مجرب مالش ہے، فوراً سکون آ جاتا ہے۔

## اکسیر چھپاکی (تر گرم)

**ھوالشافی:**

گل مدار تازہ ۵۰ گرام
ناگ کیسر ۳۰ گرام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


سوہاگہ سفید بریاں ۲۰ گرام سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۴ رتی تا ایک ماشہ دن میں تین بار پانی کے ساتھ۔

**فوائد:** الرجی، چھپاکی کے لئے فوری اثر اور مجرب ہے دو تین ہفتہ کے استعمال سے مستقل شفا ہو جاتی ہے گرم اشیاء سے پرہیز کروائیں۔

## اکسیر الرجی احمری (گرم تر)

**ھوالشافی:**

گندھک آملہ سار ۲۰ گرام پوست ریٹھا ۲۰ گرام

گل مدار تازہ ۲۰ گرام

تینوں ادویات کو خوب کوٹ کر چنے برابر گولیاں بنالیں ایک گولی صبح و شام بعد از غذا پانی کے ساتھ ان گولیوں کے گیرو کے سفوف میں اچھی طرح ہلا لیں تو سرخ رنگ کی ہو جائیں گی ہر قسم کے جلدی امراض خارش دھنر، چنبل، الرجی وغیرہ کے لئے ایک ماہ کورس کروائیں۔ ساتھ پرہیز کروائیں مستقل شفا ہوگی۔

## بول بستری (خشک گرم)

**ھوالشافی:** پھٹکڑی سرخ بریاں کرلیں اور سفوف بنا کر ۲۵۰ ملی گرام والے کیپسول بھر لیں، بچوں کو ایک کیپسول دن میں تین بار اور بڑوں کو دو کیپسول دن میں تین بار استعمال کروائیں، صرف چند یوم میں بول بستری سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

## کندن (گرم تر)

**ھوالشافی:**

گندھک آملہ سار مصفی ۵ تولہ برگ نیم ۲ تولہ

مرچ سیاہ ایک تولہ نگند بابری ۲ تولہ

الائچی سبز ایک تولہ صطگی رومی ایک تولہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


دانہ الا ئچی کلاں ایک تولہ
مصری ایک تولہ

سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۴ رتی تا ایک ماشہ دن میں تین بار پانی کے ساتھ۔

**ھوالشافی:** مصفا خون ادویات کی سرتاج دوا ہے۔ پھوڑے پھنسیاں، خارش، بواسیر خونی وبادی کے لئے مجرب دوا ہے۔ بچوں کے پھوڑے پھنسیاں صرف چند دنوں میں ختم ہو جاتے ہیں۔ انجکشن کی سی تاثیر رکھنے والی دوا ہے۔

## حابس (خشک سرد)

**ھوالشافی:**

بیخ انجبار ۵۰ گرام
سنگ جراحت ۵۰ گرام
گیرو ۵۰ گرام
سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ایک تا ۳ ماشہ صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ۔

**فوائد:** ہر قسم کے جریان خون کو روکنے کے لئے لاجواب ہے بالخصوص کثرت حیض کے لئے مجرب ترین ہے۔

## اکسیر پیچش (خشک سرد)

**ھوالشافی:**

کوکنار ۴ تولہ
رال سفید ۴ تولہ
گوند کیکر اڑھائی تولہ
شکر دیسی ۵ تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۲ رتی تا ۲ ماشہ تک صبح دوپہر شام۔

**فوائد:** پیچش اور اسہال کے لئے مجرب ترین دوا ہے اس کے ساتھ اگر مریض کو اسہال کی دیرینہ تکلیف ہو تو تریاق اسہال و سنگرہنی استعمال کروائیں بچوں کو کم بڑوں کو زیادہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


خوراک دیں۔

## تریاق اسہال و سنگرہنی (خشک سرد)

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| سونف اڑھائی تولہ | سونٹھ ایک تولہ |
| ہلیلہ سیاہ بریاں ایک تولہ | کچور ایک تولہ |
| کشنیز ایک تولہ | کوکنار ایک تولہ |
| گیرو ایک تولہ | گل دھاوا ایک تولہ |
| رال سفید ایک تولہ | تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔ |

**خوراک:** ۴ رتی تا ۲ ماشہ صبح دوپہر شام۔

**فوائد:** اسہال و سنگرہنی اور پیچش کے لئے مجرب ترین ہے۔

## سفوف جواھر (تر سرد)

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| گل کنول ایک پاؤ | کشنیز ایک پاؤ |
| الائچی خورد اڑھائی تولہ | صندل سفید اڑھائی تولہ |
| سفوف زہر مہرہ ۵ تولہ | تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔ |

**خوراک:** ۲ تا ۳ ماشہ صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ۔

**فوائد:** تمام صفراوی امراض یرقان، پیشاب کی جلن، کثرت حیض وغیرہ کے لئے مجرب ترین دوا ہے۔

## اکسیر اطفال (تر گرم)

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| ریوند چینی ۲ تولہ | پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ |

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



سونف بریاں ۲ تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنا لیں۔

**خوراک:** ایک چٹکی صبح و شام پانی کے ساتھ۔

**فوائد:** بچوں کے اکثر امراض دودھ الٹنا دستوں کی زیادتی، قبض بخار وغیرہ کے لئے مجرب ہے' اس دوا میں دو خصوصیات ہیں ایک یہ کہ یہ قابض بھی ہے اور قبض کشا کی جن بچوں کے دست نہ رکتے ہوں اس کے استعمال سے دست رک جاتے ہیں اور جن بچوں کو قبض ہو ان کو اس کے استعمال سے پاخانہ کھل کر آ جاتا ہے' یہ دوا بچوں کے لئے صحیح معنوں میں اکسیر ہے۔

## مرہم جادو

**هوالشافی:**

| | |
|---|---|
| کتھ ایک تولہ | کمیلہ ایک تولہ |
| رال ایک تولہ | مردہ سنگ ایک تولہ |
| سندھور ایک تولہ | موم دیسی ۳ تولہ |
| گھی دیسی ۱۰ تولہ | |

پہلی تمام ادویات کا خوب باریک سفوف بنا لیں اور پھر گھی پگھلا کر اس میں موم ملا دیں جب موم پگھل جائے تو پھر ہلکی آنچ کر کے باقی ادویات ملا لیں اور کسی سیخ وغیرہ سے ہلاتے جائیں جب مرہم کا رنگ سرخ سیاہی مائل ہو تو اتار لیں۔ بس تیار ہے۔

**فوائد:** ہر قسم کے پرانے زخموں اور ناسوروں کے لئے بے حد مجرب ہے' زخم جتنا پرانا ہو اتنی ہی جلدی اس مرہم سے ٹھیک ہوتا ہے' نیز پھوڑے پھنسیوں کے لئے بھی مجرب ترین ہے۔

## کارمی خاص (تر گرم)

**هوالشافی:**

ست پودینہ ۱۰ گرام ۔ میٹھا سوڈا ۲۰۰ گرام۔ سفوف بنا لیں۔

**خوراک:** ۲ رتی تا ایک ماشہ تک دن میں تین بار پانی کے ساتھ۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



**فوائد:** السر معدہ، تیزابیت معدہ، گیس ٹربل، قبض وغیرہ کے لئے بے حد مجرب ہے۔ درد معدہ اور جلن معدہ کے لئے لاجواب ہے اسے کھاتے ہی مریض کو ٹھنڈ پڑ جاتی ہے جیسے معدے میں برف رکھ دی گئی ہو یہ دوا السر ورم، درد معدہ کے مریضوں کے لئے مجرب ترین ہے۔

## پیام شفاء (گرم تر)

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| فلفل سیاہ ایک تولہ | گیری ایک تولہ |
| نوشادر ایک تولہ | تخم جوز ماثل ۶ ماشہ |
| ست اجوائن ۳ ماشہ | تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔ |

**خوراک:** ایک چاول تا ۴ رتی تک ہمراہ پانی دن میں دو تین بار۔

**فوائد:** نزلہ، زکام، کھانسی، پیٹ درد، ہیضہ وغیرہ امراض کے لئے مجرب ترین ہے۔

## فوری (گرم تر)

یہ ہمارے بزرگوں کا خاص نسخہ ہے جو کہ فوراً اثر کرنے کی وجہ سے فوری کے نام سے موسوم ہے۔

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| تخم دھتورہ ایک تولہ | میٹھا سوڈا ۲۱ تولہ |
| نوشادر ۳ تولہ | سونٹھ ۴ تولہ |
| ریوند چینی ۵ تولہ | تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔ |

**خوراک:** ۲ رتی تا ۴ رتی تک صبح دوپہر شام پانی یا چائے کے ساتھ۔

**فوائد:** نزلہ، زکام، کھانسی، بخار، جسمانی درد، پیٹ درد، اعصابی دردیں وغیرہ عام ہونے والے امراض کے لئے بے حد مفید ہے اس کے ساتھ پیام شفاء بھی ملا کر دے سکتے ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## اکسیر قے و دست (تر گرم)

**ھوالشافی:**

کپور کچری ۵۰ گرام

زہر مہرہ خطائی ۵۰ گرام

دونوں کو مانند میدہ کر لیں۔

**خوراک:** ایک تا ۲ رتی۔

**فوائد:** بچوں کے قے اور دستوں کے لئے لاجواب ہے ایسے قے اور دست جو کہ ہرے پیلے ہوں اور بچوں کو ہر قسم کی ادویات استعمال کروانے کے باوجود ٹھیک نہ ہوں تو ایسی صورت میں یہ نسخہ بہت کارگر رہتا ہے۔

## اکسیر یرقان (تر گرم)

**ھوالشافی:**

قلمی شورہ ۱۰۰ گرام

نوشادر ۱۰۰ گرام

ریوند چینی ۱۰۰ گرام

سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۳ گرام صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ۔

صرف چند یوم میں یرقان کا خاتمہ ہوگا معدہ جگر درست ہوگا' پیشاب کی جلن وغیرہ کافور ہوگی۔

## حب شفاء حکیم شہباز والی المعروف

## (حب بلڈپریشر) (تر گرم)

یہ نسخہ قانون مفرد اعضا کا مشہور نسخہ ہے میں نے سالہا سال کے تجربات کے بعد اس نسخہ کے اوزان صحیح کئے ہیں اور اس نسخہ میں کچھ ادویات کا اضافہ کیا ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کو کم کرنے کے لئے طب میں یا ایلوپیتھی میں شائید ہی کوئی دوا اس کے مقابلے کی ہو' میں نے کئی دفعہ اس نسخہ کی ترتیب اور ادویہ کو سیٹ کرنے کے لئے کافی رقم خرچ کی ہے پھر اس

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کے تجربے بھی مریضوں پر کیے ہیں اب یہ نسخہ ہر طرح سے مکمل ہے، میں یہ سینہ کا راز اور جگر کا ٹکڑا بھی اطبائے کرام کی خدمت میں بلا بخل پیش کرتا ہوں۔

**ھوالشافی:**

میٹھا تیلیہ ایک تولہ — اجوائن خراسانی اڑھائی تولہ

چھوٹی چندن ۵ تولہ — سوڈا ایلی سلاس ۵ تولہ

اسگندھ ناگوری ۵ تولہ — سورنجاں شیریں ۵ تولہ

گل سرخ ۵ تولہ — سونٹھ ۵ تولہ

کشنیز ۵ تولہ — تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور حب بقدر نخودی بنالیں۔

**خوراک:** ایک تا ۲ گولی صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ۔

**فوائد:** ایسے مریض جن کا بلڈ پریشر ہائی رہتا ہو ان کی ہر مرض کے لئے مجرب ترین دوا ہے ہائی بلڈ پریشر کو صرف دو تین خوراک میں نارمل کر دیتا ہے اس کے علاوہ جسمانی دردوں اور جوڑوں کے دردوں کے لئے بھی بے حد مفید ہے۔

## ھاضم خاص مختصر (گرم تر)

**ھوالشافی:**

اجوائن دیسی ۵ تولہ — نوشادر ۲ تولہ

نمک سیاہ ۲ تولہ — سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ایک تا ۲ ماسہ دن میں تین بار ہمراہ آب تازہ۔

**فوائد:** پیٹ درد، بھوک کی کمی، بدہضمی وغیرہ کے لئے مفید ہے اگر مریض کو قبض کی شکایت ہو تو اس دوا کے ساتھ میٹھا سوڈا ملا کر نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کروائیں۔

## تریاق نزلہ (خشک سرد)

**ھوالشافی:**

پھٹکڑی سفید بریاں ۳ تولہ — گیرو ۳ تولہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



تخم دھتورہ ایک تولہ سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۴ رتی تا ایک ماشہ دن میں دو تین بار پانی کے ساتھ۔

**فوائد:** نزلہ زکام، کثرت بلغم، ابتدائی خراش، دار کھانسی، کان بہنا وغیرہ کے لئے مجرب ترین ہے۔ نیز زخموں سے رطوبات کا کثرت سے بہنے کے لئے بے حد موثر ہے، نزلہ زکام فوراً ختم ہوتا ہے اگر دوا کے استعمال سے خشکی ہو تو دودھ پی لیں۔

## دائمی سر درد نزلہ کیرا اور دماغی کمزوری کا فارمولا (تر گرم)

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| چار مغز آدھا پاؤ | ہلیلہ سیاہ آدھا پاؤ |
| بلیلہ ایک چھٹانک | ناریل ایک پاؤ |
| مغز بادام آدھا کلو | خشخاش آدھا پاؤ |
| چینی آدھا کلو | دودھ سوا کلو |

دودھ کا کھویا بنالیں اور دیسی گھی حسب ضرورت میں بھون لیں جب سرخ ہو جائے تو دوسری تمام ادویات باریک پیس کر ملالیں اور سفوف تیار کرلیں۔

**خوراک:** ۲ تولہ صبح وشام دودھ کے ساتھ یا پانی کے ساتھ یہ تمام دوا ایک کورس ہے۔

**فوائد:** اس دوا کے استعمال سے دماغی کمزوری، پرانا نزلہ، کیرا اور دائمی سر درد، ذہن کی کمزوری وغیرہ بالکل ٹھیک ہو جاتا ہے ایسے مریض جو کہ ہر وقت نزلہ میں مبتلا رہیں اور ان کو چھینکیں آتی رہیں اور الرجی کی شکایت ہو اور وہ دوائیں کھا کھا کر تنگ آ گئے ہوں اور شفا یاب نہ ہوتے ہوں اس دوا کے کورس سے ان شاء اللہ شفا یاب ہو جاتے ہیں یہ نسخہ خاص ہے اور کئی مریضوں پر تجربہ شدہ ہے سالہا سال ادویات کھا کر تنگ آئے ہوئے مریض شفا یاب ہوتے ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


## معجون مادہ الحیات (گرم خشک)

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| تل ایک پاؤ | منقی ایک پاؤ |
| سونگی ایک پاؤ | گری ایک پاؤ |
| مغز چلغوزہ ایک پاؤ | |

تمام ادویات علیحدہ علیحدہ خوب باریک پیس لیں اور شہد اتنا ملا لیں کہ معجون بن جائے۔

**فوائد:** مادہ منویہ کی رقت کی وجہ سے جراثیم منویہ کمزور ہو جاتے ہیں۔ یہ معجون رقت کو دور کرتی ہے جنسی اعضاء کو تقویت دیتی ہے مادہ منویہ کو گاڑھا کر کے قابل اولاد بناتی ہے۔ جراثیمی کی سرعت انزال اور قوت باہ کی مخصوص بے ضرر دوا ہے۔

**خوراک:** ایک چمچ صبح و شام ہمراہ دودھ۔

**نوٹ:** اگر اس معجون کے ساتھ کرن جوانی گولیاں استعمال کی جائیں تو بے حد مفید ثابت ہوں گی۔

## شوا کھار پاچن (گرم تر)

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| سونٹھ ۲ تولہ | فلفل سیاہ ۲ تولہ |
| فلفل دراز ۲ تولہ | اجوائن دیسی ۲ تولہ |
| سیندھا نمک ۲ تولہ | زیرہ سفید ۲ تولہ |
| زیرہ سیاہ ۲ تولہ | ہینگ بریاں ۲ تولہ |
| ہلیلہ سیاہ ۱۶ تولہ | سجی کھار ۱۶ تولہ |

تمام ادویات کا سفوف بنا لیں۔

**خوراک:** ۲ تا ۳ ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ آب تازہ۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



**فوائد:** پیٹ درد، بدہضمی، بھوک کی کمی گیس ٹربل پیٹ میں گڑگڑ ہونا، رقیق دستوں کا آنا، درد ریح سنگرہنی، ترش ڈکار آنا، قے اور معمولی قبض کے لئے مجرب ترین دوا ہے۔

**نوٹ:** ہینگ خالص لے کر توے پر بریاں کرلیں بریاں کر کے وزن کریں اور پھر شامل نسخہ کریں۔

## جنرل ٹانک

آج کل انگریزی ادویات میں جنرل ٹانکوں کی خوب بھرمار ہے۔ اب تو دیسی ہومیو دوا ساز ادارے بھی ان کی دیکھا دیکھی بے شمار جنرل ٹانک فارمولے شربت گولیاں اور کیپسول بنا رہے ہیں۔ ہم نے بھی طویل تجربات کے بعد ایک جنرل ٹانک فارمولا ترتیب دیا ہے جو کہ قارئین کی خدمت میں پیش ہے۔ (خشک گرم)

**ھوالشافی:**

کشتہ فولاد ۱۰۰ گرام
کشتہ مرگانک ۲۰ گرام
کشتہ بیضہ مرغ ۲۰ گرام
کشتہ مرجان ۲۰ گرام
کشتہ صدف مروارید ۲۰ گرام
کشتہ زمرد ۱۰ گرام
کچلہ مدبر ۱۰ گرام

تمام ادویات کا سفوف بنا کر خالی بڑے کیپسول بھرلیں۔

**خوراک:** صرف ایک کیپسول روزانہ ہمراہ دودھ۔

**فوائد:** ہر قسم کی کمزوری، جسمانی کمزوری اعصابی کمزوری جملہ امراض کی وجہ سے ہونے والی کمزوری کے لئے بے حد مجرب فارمولا ہے، یہ فارمولا اگر تجارتی پیمانے پر بنایا جائے تو صرف اس سے ہی لاکھوں روپے کمائے جا سکتے ہیں۔

## پیچینہ کیپسول (خشک سرد)

**ھوالشافی:**

الائچی کلاں ۵۰ گرام
بیل گری ۵۰ گرام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کڑاچھال ۵۰ گرام سفوف بنالیں اور بڑے خالی کیپسول بھرلیں۔

ایک کیپسول صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ۔

**فوائد**: پیچش اور دستوں کے لئے مجرب ترین ہے مروڑ کے لئے آب حیات ہے نئی تکلیف ہوتو تین دن اور اگر پرانی تکلیف ہوتو دس یوم مسلسل استعمال کروائیں۔

## ششماہی سانپ کاٹے کا علاج

بعض لوگوں کو اکثر چھ ماہ بعد یا سال بعد ایک خاص موسم میں سانپ کاٹتا ہے۔

سانپوں کو اس آدمی سے بوئے مست آتی ہے۔ جس کی وجہ سے وہ آدمی جس بھی علاقے یا شہر میں ہو اس علاقے کے سانپ بوئے مست کی وجہ سے اس شخص تک پہنچ کر اس کو ڈستے ہیں۔ اس دوا کو سانپ کاٹنے کی مدت سے قبل صرف پندرہ یوم تک استعمال کروادیں ان شاء اللہ اس سے وہ بوئے مست ختم ہوکر سانپ نہ کاٹے گا۔

## (تر گرم)

**هوالشافی**: سفوف پوست ریٹھہ حسب ضرورت لے کر باریک کرلیں اور خالی بڑے کیپسول بھرلیں۔ ایک کیپسول صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ، ریٹھے کا چھلکا اگر سانپ کاٹ جائے تو پھر پانی میں ملا کر پلائیں سانپ کے زہر کا تریاق ہے۔

## طلائے خاص اکسیری (طوفان باہ) (گرم خشک)

**هوالشافی**: قبرستان کی پرانی کھڈ مکوڑوں کی کھودیں ایک جوڑا سیاہ رنگ بچھو اس سوراخ سے مل جائے گا کسی کھڈ میں سے ایک بچھو ہوتا ہے اور کسی میں دو ہوتے ہیں۔ اس جوڑے کو چارتولہ تلوں کے تیل میں لاکر کھرل کر کے رکھ دیں طلاء تیار ہے۔

حشفہ وسیون چھوڑ کر اس کی مالش کریں اور اوپر برگ ارنڈ باندھ دیں۔ دو دن سے زیادہ کوئی شخص اس طلاء کو برداشت نہیں کرسکتا۔ طبی دنیا اس کے متبادل طلاء پیش نہیں کر سکتی یہ طلاء اسراری ہے اور ہمارے بزرگوں کا آزمودہ ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

**نوٹ**: قبرستان ایسی جگہ ہو جہاں کی مٹی سخت ہو یعنی ریتلی نہ ہو۔ جہاں کیڑوں کی کھڈ ہو اس میں پانی ڈالنا شروع کر دیں۔ جب پانی نیچے جائے گا تو بچھو کھڈ کے منہ پر آ جائے گا۔ آپ اسے چمٹی سے پکڑ کر شیشی میں بند کر لیں۔

## دمہ دور کیپسول (گرم تر)

**ھوالشافی**:

| | |
|---|---|
| برگ بانسہ | برگ گاؤزبان |
| برگ نیم | گل مدار خشک |
| سوماکلپا | لونگ |
| فلفل سیاہ | تخم دھتورہ سیاہ |
| اجوائن خراسانی | ست ملٹھی |
| کشتہ بارہ سنگھا | کشتہ سرطان |
| کچور | چونا بجھا ہوا |
| سونٹھ | زراوند مدحرج |
| زوفا | پھٹکڑی بریاں |
| سہاگہ بریاں | کجلی گندھک + پارہ برابر وزن والی۔ |
| ہر ایک برابر وزن | |

تمام ادویات کا برابر وزن سفوف لے کر ملا لیں اور خالی بڑے کیپسول بھر لیں ایک کیپسول صبح و شام ہمراہ آب تازہ بعد از غذا اگر خشکی محسوس ہو تو دودھ پی لیں۔

دال مونگ، بڑے گوشت سے پرہیز کروائیں۔

۲۱ یوم تا ۳ ماہ کورس کروائیں۔

دمہ دم کے ساتھ مقولہ غلط ثابت ہوگا یہ نسخہ پاکستان کے ایک معروف خاندان کا خاص نسخہ ہے جو کہ راز تھا صرف اطبائے کرام کے لئے پیش کیا جا رہا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## نسوار فالج اکسیری (خشک گرم)

**ھوالشافی:** پارہ ایک تولہ لے کر کسی برتن میں ڈال کر برتن چینی یا آتشی شیشی کا ہو' تو اس میں پانچ تولہ گندھک کا تیزاب ڈال دیں اور آگ پر رکھ دیں' جب یہ مرکب سفید ہو جائے اور تیزاب دھواں بن کے اڑ جائے تو اس مرکب کو پانی میں دھو کر تیزاب نکال دیں۔سات بار دھونے سے تیزاب نکل جائے گا پھر یہ کشتہ خشک کر کے رکھ لیں۔ یہ انتہائی خوبصورت زرد رنگ کا سفوف سا ہوگا۔

فالج' لقوہ اور پولیو کے لئے جس طرف مرض کا حملہ ہو اس سے مخالف نتھنے میں بطور نسوار استعمال کریں۔خوب پانی بہے گا پانی کو بہنے دیں یہ پانی بہت ٹھنڈا ہوتا ہے اور ساتھ ساتھ فالج کے لئے ادویات استعمال کروائیں ان شاء اللہ بہت جلد شفا ہوگی پاکستان کی ایک مشہور خانقاہ میں جو فالج کی نسوار دی جاتی ہے وہ یہی نسخہ ہے بڑی مشکل سے ہاتھ لگا تھا۔

## صدفی خاص (تر سرد)

**ھوالشافی:**

کشتہ صدف کافوری ۲ تولہ — چھوٹی چندن ۲ تولہ

دونوں کو خوب کھرل کر کے حب بقدر نخودی بنالیں۔

**خوراک:** ایک گولی صبح وشام ہمراہ آب تازہ یا دودھ بعداز غذا۔

**فوائد:** ذکاوت حس جریان اور احتلام کے لئے بے حد مجرب ہے' ذرا سی تحریک یا رگڑ سے اگر انزال ہو تو یہ نسخہ بے حد مفید ثابت ہوتا ہے۔

## کشتہ صدف کافوری (تر سرد)

یہ اکیلا بھی ذکاوت حس جریان احتلام کے لیے مفید ہے۔

**ھوالشافی:**

صدف مرواریدی ایک تولہ — کافور ۵ تولہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



صدف مرواریدی کے چھوٹے چھوٹے ٹکرے کر کے کافور کے درمیان دے کر دو پیالوں میں گل حکمت کر کے پانچ کلو اوپلوں کی آنچ دے لیں پھر نکال کر باریک پیس لیں یہی کشتہ صدف کافوری ہے میں تو بلب میں بھی بناتا ہوں بجلی کے بلب میں بنا ہوا پیالوں میں بنے ہوئے کشتے سے زیادہ خوشنما ہوتا ہے۔

**خوراک:** ۲ رتی تا ۴ رتی صبح وشام ہمراہ دودھ۔

## کشتہ تانبہ سفید باوزن بلا زنگار (خشک گرم)

**هوالشافی:** کشتہ تانبہ سفید ایک ایسی انمول دوا ہے کہ جس کی تلاش میں کم وبیش ہر طبیب رہتا ہے مگر سالہا سال کے تجربات کے بعد بھی کشتہ تانبہ سفید نہیں بنا سکتے اور پھر وہ بھی اتنا آسان کہ ایک ہی یوم میں ڈیڑھ دو کلو اوپلوں کے آنچ میں ہمارے خاندان میں یوں تو کئی طریقوں سے کشتہ تانبہ بنایا جاتا رہا ہے مگر مجھے جو طریقہ سب سے زیادہ پسند آیا ہے وہ یہ ہی ہے اور مزے کی بات یہ ہے کہ ہر جگہ فوری طور پر بنایا بھی جا سکتا ہے۔ اگر چہ تھوڑی سی محنت کرنی پڑتی ہے مگر وہ کوئی معنی نہیں رکھتی کہ آپ کشتہ تانبہ سفید باوزن بلا زنگار بھی تو بنا رہے ہیں میں نے اس طریقہ سے بارہا کشتہ تانبہ سفید بنایا ہے اس لئے یہ طریقہ ہی اطبائے کرام کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں کیونکہ یہ میرا آزمودہ بار بار بھی ہے۔

**هوالشافی:**

بھلانوے ایک چھٹانک — جمالگوٹہ ثابت ایک چھٹانک
قلمی اٹ دوا اینٹیں ایک چھٹانک — کپڑا سوتی آدھا کلو

**ترکیب تیاری:** بھلانوے اور جمالگوٹہ کو خوب کوٹ لیں پھر قلعی اینٹ کی ۲ پیالیاں بنا لیں قلعی اینٹ کو ہتھوڑے سے خوب کوٹیں اور پترہ بناتے جائیں اسی طرح دونوں اینٹوں کے پترے بنا کر ان کی پیالیاں بنا لیں، پیالیاں اندازاً اتنی بنائیں کہ بھلانوے اور جمالگوٹہ کا مرکب خوب اچھی طرح دونوں پیالیوں کے درمیان آ جائے۔ پھر خوب اچھی طرح یکجان

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


بھلانوے اور جمالگوٹہ کے مرکب کی دو برابر وزن کی ٹکیاں بنالیں اور ان کے درمیان ایک تانبے کا پیسہ اچھی طرح صاف کر کے رکھ دیں پھر ان ٹکیوں کے لب اچھی طرح ملا دیں اور ان دونوں کو قلعی کی پیالیوں کے درمیان رکھ دیں اور قلعی کی پیالیوں کو اچھی طرح ایک دوسرے میں سیٹ کر دیں۔ پھر سوتی کپڑے آدھا کلو کی تین چار انگل کے برابر پٹیاں سی بنا لیں اور دو پیالیوں کو سیدھا رکھ کر اس پر کپڑا لپیٹنا شروع کر دیں کپڑا لپیٹتے وقت ایک خاص احتیاط کو مدنظر رکھیں کہ پیالیوں کا رخ بالکل سیدھا رہے۔ اگر اس مقصد کے لئے کپڑا لپیٹتے وقت اوپر نشان لگاتے رہیں تو زیادہ بہتر رہتا ہے اس طرح آپ آدھا کلو سوتی کپڑا لپیٹنے کے بعد جو گولہ سا بنا ہوا ہو اس کو ایک لوہے کی کڑاہی میں دو کلو اوپلوں کے درمیان رکھ دیں اور ارد گرد اچھی طرح اوپلوں کے ٹکڑے چن دیں اور مٹی کا تیل اچھی طرح چھڑک کر آگ لگا دیں۔ آگ مکمل طور پر جب ختم ہو تو احتیاط کے ساتھ اوپلوں کو ہٹا دیں اور راکھ میں سے سفید چاولوں کی کھیلوں کی طرح کھلا ہوا کشتہ تانبہ بکھرا پڑا ہوگا وہ احتیاط سے اکٹھا کر لیں اور باریک پیس کر چھان کر کے شیشے کی بوتل میں رکھیں۔ قلعی پانچ تولہ مکمل وزن کے ساتھ لوہے کی کڑاہی میں پگھل کر پیندے میں پڑی ہوئی ہوگی۔ اس کو بھی نکال کر وزن کر لیں وزن میں پوری ہوگی۔ تانبہ کا وزن کریں گے تو بھی وزن میں پورا اترے گا۔ اس کو دہی میں ڈال دیں ہرگز ہرگز زنگار نہ دے گا۔

**طریقہ استعمال**: ایک چاول تا ۴ چاول ہمراہ دودھ گھی صرف چند خوراکیں کافی ہیں۔

**خوراک**: مردانہ کمزوری ضعف باہ اور اعصابی امراض کے لئے لاجواب ہے جسمانی دردوں اور اعصابی تکالیف کے لئے اکسیر ہے۔ اس سے اعصابی تحریک کی وجہ سے مردانہ کمزوری کے مریض چند دنوں میں شفایاب ہو جاتے ہیں ہم نے ایسے کئی مریضوں کا اس سے علاج کیا ہے جو کہ مایوس ہو گئے تھے مگر یہ دوا گرم مزاج مریضوں پر بالکل کام نہیں کرتی بلکہ الٹا ان کو تکلیف ہوتی ہے اس لئے بلغمی مزاج مریضوں کے لئے یہ دوا اکسیر خاص ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



**نوٹ:** بعض اوقات تھوڑی بہت قلعی بھی تانبہ کے ساتھ کشتہ ہو جاتی ہے ایسی صورت میں اسے بھی تانبہ کے ساتھ ہی ملا لیں اور خوراک زیادہ کرلیں دوران استعمال دودھ گھی خوب استعمال کروائیں۔

## خارشی مرہم (گرم خشک)

تمام جلدی امراض کا مجرب علاج۔

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| پارہ ۲ تولہ | گندھک آملہ سار ۲ تولہ |
| کافور ۶ ماشہ | نیلا تھوتھا ۶ ماشہ |
| سندھور ۵ تولہ | ویزلین آدھا کلو |

پارہ اور گندھک کی کجلی بنالیں اور پھر باقی ادویات کا خوب باریک سفوف بنالیں اور ویزلین میں ملا کر مرہم بنالیں۔

**فوائد:** دھدر، چنبل، خارش خشک وتر اور ہر قسم کے جلدی امراض کے لئے بے حد مجرب فارمولا ہے ہمارے بزرگوں کا سالہا سال سے معمول ہے۔ یہ اکیلا نسخہ لاکھوں میں ملے تو کم ہے بعد از تجربہ آپ کو قدر معلوم ہوگی۔

## بادیان ملین (گرم خشک)

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| سونف ایک تولہ | مغز جمالگوٹہ ایک تولہ |

مغز جمالگوٹہ اور سونف کو توے پر رکھ کر آگ پر رکھیں آگ ہلکی جلائیں اور دونوں کو ہلاتے رہیں حتیٰ کہ سونف بریاں ہو جائے جب سونف بریاں ہو جائے تو لوہے کے توے کو آگ سے نیچے اتار لیں اور پھر سونف کو علیحدہ کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں اور مغز جمالگوٹہ کو ضائع کر دیں۔ یہ سونف بے ضرر اور اعلیٰ قسم کی قبض کشا تاثیر رکھتی ہے۔ قبض کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


لئے دو تین دانے سونف کے رات کو سوتے وقت پانی کے ساتھ مریض کو کھلا دیں۔ مریض کو صبح پاخانہ بافراغت آئے گا اگر قبض شدید ہو یا مسہل (جلاب) دینا ہو تو پھر سونف کے چار پانچ دانے کافی ہیں۔

**نوٹ:** اگر مریض کو زیادہ پخانے آئیں تو چینی کا سادہ شربت بنا کر پلا دیں فوراً پاخانے رک جائیں گے۔

## حب شاھی (خشک گرم)

یہ نسخہ میرے ایک خاص دوست کا راز کا نسخہ ہے۔ اس نسخہ کو وہ موسم سرما میں مریضوں کو بکثرت استعمال کرواتے ہیں موسم سرما کے لئے یہ خاص تحفہ ہے۔

**ھوالشافی:**

کشتہ چاندی ایک تولہ
کشتہ فولاد شنگرفی ایک تولہ
کشتہ قلعی ایک تولہ
ست بہوپھلی ایک تولہ
شیر برگد ایک تولہ
گوند چھوہارا ۲ تولہ
کشتہ سم الفار سفید ۲ ماشہ
زعفران کشمیری ۲ ماشہ

تمام ادویات کو باریک پیس لیں اور خوب کھرل کر لیں پھر شیر برگد ۵ تولہ کے ساتھ خوب کھرل کر لیں اور حب بقدر نخودی بنا لیں اور او پر ورق نقرہ چڑھا لیں۔

**خوراک:** ایک گولی ہمراہ آدھا کلو دودھ جس میں زردی بیضہ مرغ ملی ہوئی ہو دس یوم استعمال کریں اور پھر قوت کا اندازہ لگائیں۔

## حب ممسک خاص (خشک سرد)

**ھوالشافی:**

افیون خالص ایک ماشہ
شنگرف ایک ماشہ
چھوہارے پانچ عدد

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



شنگرف اور افیون کو خوب کھرل کر لیں اور چھوہاروں میں سے گٹھلیاں نکال کر شنگرف اور افیون کا مرکب ان میں بھر لیں اور اوپر شیر برگد ڈالیں کہ چھوہارے بھر جائیں پھر چھوہاروں پر ان کے ٹکڑے رکھ کر جو کہ گٹھلیاں نکالتے وقت علیحدہ کئے ہوئے ہوں اوپر آٹے کا لیپ کر دیں اس کے بعد ان چھوہاروں کو گرم گرم بھوبھل میں دبا دیں اور جب آٹا جل کر سیاہ ہو جائے اور چھوہارے اندر سے خوب پک جائیں تو نکال کر آٹے کے خول علیحدہ کر لیں اور چھوہاروں کو دواؤں سمیت خوب کوٹ لیں جب خوب یکجان ہو جائیں تو پھر حب بقدر نخودی بنا لیں۔ خوراک ایک تا دو گولی جماع سے دو تین گھنٹہ قبل چبا کر پانی یا چائے کے ساتھ کھا لیں خوب امساک ہوگا لیکن ایک بات یاد رکھیں کہ اس دن زیادہ غذا نہ کھائیں اگر فاقہ کریں اور بارہ بجے غذا کھا لیں تو زیادہ بہتر ہے اس کے ساتھ دودھ قطعاً استعمال نہ کریں ورنہ امساک نہ ہوگا۔

## اکسیر الامراض (حکیم شہباز والا)

میری بڑے عرصہ سے یہ خواہش تھی کہ کوئی ایسی دوا ایجاد ہو جو کہ انگریزی ادویات کا مقابلہ کر سکے اور پھر اس میں یہ خوبی ہو کہ وہ سہل الحصول کم خرچ اور فوری اثر ہو۔ میں نے سالہا سال تک بے شمار تجربات کئے لیکن کوئی دوا اس معیار پر پوری نہ اتری‘ ایک دن میں اسی طرح غور و فکر کر رہا تھا کہ انگریزی ادویات کی فوری کامیابی کا راز کیا ہے تو میرے ذہن میں یہ بات آئی کہ تمام انگریزی ادویات صرف وقتی مسکن ہوتی ہیں اور وقتی تسکین کی وجہ سے ہر قسم کے امراض کا فوری طور پر خاتمہ کر دیتی ہیں۔ درحقیقت یہ مرض کا خاتمہ ہوتا نہیں بلکہ مرض کو وقتی طور پر دبا دیتی ہیں اور اسی طرح قوت مدافعت بدن کو تھوڑا موقع مل جاتا ہے اور وہ خود ہی امراض کو دبا لیتی ہے اور اس طرح مسکن ادویات کی کامیابی کا ڈنکہ چار سو بجتا ہے میں یہ سوچ و بچار کر رہا تھا کہ طب میں ایسی کون سی دوائیں ہیں جو کہ بے ضرر بھی ہوں اور فوری اثر بھی ہوں اور کم خرچ بھی ہوں اور سہل الحصول بھی ہوں اور ہر عمر کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



مریض اس کو استعمال بھی کر سکیں تو بڑی غور و فکر کے بعد ایک دوا میرے ذہن میں آ گئی وہ تھی کو کنار۔

کو کنار جس کو پوست کا ڈوڈہ بھی کہتے ہیں اس میں سے افیون نکلتی ہے اور یہ دنیا کی سب سے بڑی مسکن دوا ہے اور یہ طب جدید میں مختلف طریقوں سے ہزاروں مریضوں پر روزانہ انگریزی ڈاکٹر استعمال کرتے ہیں میں نے خوب غور و فکر کیا تو یہ بات میرے ذہن میں آئی کہ کو کنار تقریباً بدنی امراض ہر قسم کو فوری طور پر کنٹرول کر سکتی ہے اور یہ واحد دوا ہے جو کہ فوری طور پر باریک پیس کر استعمال کی جا سکتی ہے میں نے اس کے اثرات مزید تیز کرنے کے لئے جب دوسری دواؤں پر غور و فکر کیا تو میرے ذہن میں چینی آ گئی۔ آپ کو علم ہوگا کہ میٹھا نشے کے اثرات کو بڑھاتا ہے اور تسکین میں اضافہ کرتا ہے، میں نے فوری طور پر پوست کو کنار منگوائی اور اس کے برابر وزن چینی ملا کر اس کو خوب باریک پیس لیا اور مختلف امراض کے مریضوں پر تجربہ شروع کیا مختلف امراض میں مرض کی کمی بیشی کو مدنظر رکھتے ہوئے جب اس دوا کو استعمال کیا گیا تو اس کے اثرات حیران کن سامنے آئے، یہ اکسیر ہر قسم کے اثرات حیران کن سامنے آئے یہ اکسیر ہر قسم کے فوری طور پر وقوع پذیر ہونے والے تمام امراض کا واحد علاج ہے صرف لو بلڈ پریشر کے مریضوں کو اس کا استعمال نہ کروایا جائے، باقی نزلہ زکام کھانسی، بخار، اسہال، پیچش، درد جگر، سر درد، درد معدہ، جسمانی درد، جوڑوں کے درد وغیرہ تمام بدنی امراض کے لئے فوری طور پر اس کو استعمال کیا جا سکتا ہے اگر اس کے ساتھ مرض کی مناسبت سے آپ کوئی اور بھی دوا استعمال کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں اس طرح دوا کے اثرات بے حد تیز ہو جائیں گے۔

یہ دوا ہر قسم کی انگریزی ادویات کا بہترین کم خرچ اور فوری اثر بدل ہے اگر آپ چاہتے ہیں کہ یہ دوا فوراً اثر کرے گو کہ یہ دوا فوری اثر ہے مگر آپ اس کے اثرات کو فوراً بڑھا کر حاصل کرنا چاہتے ہیں تو پھر یہ دوا نیم گرم چائے کے ساتھ استعمال کروا دیں۔ آپ کی سوچ سے جلدی مریض کو فائدہ ہوگا اس دوا کا رنگ بدلنے کے لئے آپ اس میں تھوڑا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

سا گیرو ملا لیں تو زیادہ بہتر ہے اگر کوئی طبیب گیرو نہ ملانا چاہے تو بھی ٹھیک ہے اس نسخہ کو عام لوگوں کو نہ بتائیں۔

**نسخہ اس طرح ہوگا (خشک سرد):**

**ھوالشافی:**

کوکنارہ ۱۰ تولہ　　چینی ۱۰ تولہ　　سفوف بنالیں۔

**خوراک:** کم وبیش کرلیں۔ بچوں کو زیادہ ہرگز نہ دیں۔ بڑوں کو تین ماشہ تک دے سکتے ہیں۔ یہ خاص تحفہ اطبائے کرام کے لئے ہے۔

## اللہ شافی کورس (خشک گرم)

**ھوالشافی:** صرف ایک نسخہ سے جسم انسانی کی 90% امراض کا علاج

اس سے پہلے جو نسخہ اکسیر الامراض آپ کی خدمت میں پیش کیا گیا ہے وہ نسخہ ایسے تمام امراض پر 100% کامیاب اثرات رکھتا ہے جو کہ روزمرہ وقوع پذیر ہونے والے ہوتے ہیں۔ مگر یہ نسخہ جو اطبائے کرام کی خدمت میں پیش کیا جارہا ہے یہ عام امراض سے لے کر ہر قسم کے پیچیدہ اور لا علاج امراض حتیٰ کہ کینسر تک کے لئے بے حد مفید و مجرب ہے راز اس نسخہ میں یہ ہے کہ جدید تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ انسانی جسم میں جست یعنی زنک کا بڑا اہم کردار ہے اگر کسی وجہ سے انسانی جسم میں جست کی شدید کمی ہو جائے تو انسان بے شمار لا علاج امراض میں مبتلا ہو جاتا ہے وہ امراض اس وقت تک مریض کی جان نہیں چھوڑتے جب تک کہ مریض کے جسم میں جست یعنی زنک کی کمی پوری نہ ہو۔ اس مقصد کے لئے یہ ضروری ہے کہ مریض کے جسم میں زنک کی کمی پوری کی جائے جس سے مریض شفایاب ہو جائے گا۔

**جسم میں جست کی کمی ٹیسٹ کرنے کا طریقہ:**

انسانی جسم میں جست کی کمی کا پتہ چلانے کا طریقہ یہ ہے کہ مریض کے منہ میں کشتہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


جست ایک رتی ڈال دیں اور مریض کو کہیں کہ اس دوا کو منہ میں اچھی طرح مل لے اور تھوڑی دیر کے لئے تھوکے نا۔ چند منٹ میں اگر تو مریض کے منہ کا ذائقہ پھیکا رہے یا میٹھا ہو جائے یا ہلکا سا میٹھا رہے تو یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ مریض کے جسم میں جست کی کمی ہے اور اگر مریض کے منہ کا ذائقہ کڑوا ہو جائے تو سمجھ لیں کہ مریض کے جسم میں جست کی کمی نہیں ہے اگر مریض کے جسم میں جست کی کمی ہو تو مریض کو کشتہ توتیا اکسیری ایک رتی صبح شام کھلانا شروع کر دیں اور پھر ایک ماہ بعد دوبارہ ٹیسٹ کریں حتیٰ کہ مریض کے جسم میں زنک کی کمی پوری ہو کر مریض بالکل تندرست ہو جائے۔

جب مریض کے جسم میں جست کی کمی پوری ہو جائے گی تو اس کے منہ کا ذائقہ ٹیسٹ کرنے پر کڑوا ہو جائے گا' کشتہ توتیا اکسیری میں چونکہ جست وافر مقدار میں موجود ہوتا ہے اسلئے ہم اسے ہی استعمال کرتے ہیں۔

## کشتہ توتیا اکسیری (خشک گرم)

**ھوالشافی:**

جست پترے ایک پاؤ　　　نیلا تھوتھا ایک پاؤ

پانی ۲ کلو

جست کے باریک پترے بنا لیں یا برادہ بنا لیں اور پانی کو نیم گرم کر کے اس میں نیلا تھوتھا حل کر لیں پھر جست کا برادہ اور اگر آپ نے پترے بنوائے ہوں تو چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے وہ نیلے تھوتھے کے محلول میں ڈال دیں۔ نیلے تھوتھے کا محلول کسی روغنی ہانڈی یا شیشے کے برتن میں ڈال دیں جب جست اور نیلا تھوتھا ملے گا تو پانی میں کیمیائی عمل شروع ہو گا اور آہستہ آہستہ پانی کا رنگ نیلا جو پہلے تھا اب سفید ہونے لگے گا' آپ برتن کے منہ کو ڈھک دیں اور کسی محفوظ جگہ پر برتن رکھ دیں اور ہر روز برتن کو اچھی طرح ہلا دیا کریں چند روز میں تمام پانی کا رنگ مکمل طور پر سفید ہو جائے گا جب پانی کا رنگ مکمل طور پر سفید ہو جائے تو پانی کو احتیاط سے نتھار لیں اور نیچے جو برادہ بچا ہوا ہو اسے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ضائع کر دیں۔ اب صاف پانی کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور خشک کر لیں جب پانی خشک ہوگا تو کشتہ تو تیا سفید اکسیری تیار ہوگا۔ یہ کشتہ بعض اوقات تو برف کی مانند سفید ہوتا ہے اور بعض اوقات خاکستری مائل ہو جاتا ہے۔ بحر حال یہ دونوں صورتوں میں قابل استعمال ہے۔ آپ اس کو اچھی طرح باریک پیس کر کسی شیشی میں ڈال لیں اور نمی سے محفوظ جگہ پر رکھ دیں۔ یہ کشتہ آپ نے جست کی کمی کے ٹیسٹ کے لئے استعمال کرنا ہے اور پھر یہ کشتہ ہی ایک رتی صبح وشام کیپسول میں ڈال کر یا پڑیا بنا کر مریض کو دینا ہے۔ اگر یہ کشتہ مریض کے منہ میں رکھا جائے تو مریض کو زبان جلتی ہوئی محسوس ہوتی ہے کیونکہ اس میں کرنٹ ہوتی ہے اس لئے اگر مریض کو ٹیسٹ کرنا ہو تو پھر یہ کشتہ ڈائریکٹ استعمال کروائیں اور اگر مریض نے یہ دوا مسلسل استعمال کرنی ہو تو پھر کیپسول میں بھر کر استعمال کر لیں۔

## ایک راز کی بات:

یوں تو یہ کشتہ اگر مریض کے جسم میں جست کی کمی ہو تو اس کی ہر مرض کا شافی علاج ہے، مرض کا نام کچھ بھی ہو مگر اگر آپ اس دوا کے ساتھ ہی مریض کو مرض کی مناسبت سے کوئی اور دوا بھی استعمال کروا دیں تو بہت جلد شفاء ہو جاتی ہے یہ کشتہ جسم انسانی کے 90% امراض کا علاج ہے۔

# تین ادویات سے تمام بدنی امراض کا علاج

ہم نے سالہا سال تک تجربات کے بعد قانون مفرد اعضاء کی روشنی میں تین ایسے انمول نسخہ جات ترتیب دیئے ہیں جن سے علم، طب پر عبور رکھنے والا شخص تمام بدنی امراض کا کامیاب علاج کر سکتا ہے یہ ادویات ہم نے طویل مدت تک تجربہ کرنے کے بعد صرف اطبائے کرام کی خدمت میں پیش کیں ہیں ورنہ ایسے انمول نسخہ جات لوگ سینوں میں محفوظ رکھتے ہیں ان نسخہ جات سے ایسے اطبائے کرام جو کہ قانون نفرد اعضاء سے تعلق رکھتے ہیں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


وہ خوب فائدہ اٹھا سکتے ہیں اس کے علاوہ طب قدیم کے ایسے اطبائے کرام جو کہ مزاجوں سے شناسائی رکھتے ہیں وہ بھی ان نسخہ جات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ لیکن عام اطبائے کرام ان سے فائدہ نہ اٹھا سکیں گے، کیونکہ یہ نسخہ جات قانون مفرد اعضاء کے تحت ترتیب دیئے گئے ہیں۔ اس لئے ان کے استعمال کے لئے صحیح تشخیص کا ہونا از حد ضروری ہے۔

نسخہ جات حاضر خدمت ہیں۔

## نمبر 1 اعصابی سیٹ (تمام گرم امراض کے لئے):

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| قلمی شورہ ۲۰ تولہ | نوشادر ۱۰ تولہ |
| جوکھار ۱۰ تولہ | تخم کاسنی ۱۰ تولہ |
| پھل گلاب ۱۰ تولہ | ہلدی ساڑھے سات تولہ |
| سہاگہ بریاں ساڑھے سات تولہ | ملٹھی ساڑھے سات تولہ |
| شیر مدار ایک تولہ | تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔ |

**خوراک:** ایک ماشہ تا تین ماشہ۔

**فوائد:** اعصابی، عضلاتی (تر سرد) افعال و اثرات کا حامل نسخہ ہے اس میں گو کہ چند اجزاء تر گرم مزاج کے بھی ہیں مگر چونکہ اکثر اجزا تر سرد ہیں اس لئے مجموعی مزاج تر سرد یعنی اعصابی عضلاتی بنتا ہے۔ یہ دوا تمام خشک گرم، گرم خشک اور گرم تر امراض کا واحد علاج ہے تمام صفراوی امراض کا مکمل علاج ہے۔ اگر اس دوا کو قہوہ الائچی سبز، سونف، پھل گلاب کے ساتھ استعمال کروایا جائے یا اس دوا کے ساتھ ویسے ہی دن میں ایک دو بار پلایا جائے تو بے حد فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

**ایک راز کی بات:**

اگر اس دوا کے ساتھ دن میں دو تین بار ایک چمچ خمیرہ گاؤزبان سادہ یا جوارش شاہی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



استعمال کروائی جائے تو شفائی اثرات بے حد تیز ہو جاتے ہیں یہ دوائی سیٹ ہر قسم کے خشک گرم، گرم، خشک اور گرم تر امراض کا کامیاب ترین علاج ثابت ہوتا ہے۔ دوا کے ساتھ غذا بھی اسی مزاج کی استعمال کروائی جائے۔

## نمبر 2 عضلاتی سیٹ (تمام سرد امراض کے لئے):

**ھوالشافی:**

آملہ ۵ تولہ — ہلیلہ سیاہ ۵ تولہ

نمک خوردنی ۵ تولہ — اجوائن دیسی ۵ تولہ

گندھک آملہ سار ۱۰ تولہ — لونگ ۵ تولہ

دارچینی ۵ تولہ — جاوتری ۵ تولہ

شنگرف رومی ۲ تولہ — تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۲ رتی تا ۲ ماشہ تک دن میں تین بار۔

**فوائد:** عضلاتی غدی (خشک گرم) افعال واثرات کا حامل نسخہ ہے جو کہ ہر قسم کے اعصابی غدی اور اعصابی عضلاتی کا مکمل علاج ہے یعنی تر گرم اور تر سرد امراض کے لئے مجرب ترین ہے اس دوا کے ساتھ مریض کو دن میں دو تین بار دارچینی، لونگ، چائے کی پتی کا قہوہ ضرور پلانا چاہیے۔

## راز کی بات:

اگر اس دوا کے ساتھ معجون فلاسفہ یا جوارش جالینوس ایک چمچ صبح و شام استعمال کروائی جائے تو فوائد میں بے حد اضافہ ہو جاتا ہے۔

## نمبر 3 غدی سیٹ (تمام خشک امراض کے لئے):

**ھوالشافی:**

نوشادر ۱۰ تولہ — نمک سیاہ ۵ تولہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

پودینہ ۵ تولہ　　سونف ۵ تولہ

میٹھا سوڈا ۱۵ تولہ　　سونٹھ ۱۰ تولہ

سناء مکی ۱۰ تولہ　　مرچ سیاہ ۵ تولہ

ہڑتال ورقیہ ایک تولہ　　تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک**: ایک ماشہ تا ۳ ماشہ تک دن میں تین بار۔

**فوائد**: غدی اعصابی ( گرم تر) افعال واثرات کا حامل نسخہ ہے ہر قسم کے خشک سرد اور خشک گرم امراض کا مکمل علاج ہے اگر اس کے ساتھ اجوائن دیسی، پودینہ کا قہوہ پلایا جائے تو بے حد مفید ہے۔

**ایک راز کی بات:**

اگر اس دوا کے ساتھ جوارش کمونی ایک چمچ صبح دوپہر شام استعمال کروائی جائے تو فوائد میں بے بہا اضافہ ہو جاتا ہے ان تینوں نسخہ جات سے صاحب علم وفن تمام امراض کا کامیاب علاج کر سکتا ہے۔

## حب خاص اجملی (خشک گرم)

یہ خاص نسخہ مختلف کتابوں اور رسالوں میں مختلف اوازن کے ساتھ چھپا ہے لیکن یہ نسخہ درحقیقت حکیم الملک اجمل خانؒ دہلوی کا ہے اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آپ نے طب کی ترقی کے لئے بڑی محنت کی تھی یہ نسخہ عرصہ دراز سے ہمارے خاندان کے بزرگوں کا معمولی ہے یہاں اصلی وزن کے ساتھ درج فرما رہا ہوں کہ اطبائے کرام فائدہ اٹھا سکیں۔

**ھو الشافی:**

کچلہ مدبر در آب ادرک ایک تولہ　　مغز تخم تمر ہندی ۳ تولہ

دونوں کو ملا کر خوب کوٹیں اور حب بقدر نخودی بنالیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ساتھ۔

**خوراک:** ۲ گولی رات کو سوتے وقت دودھ کے ساتھ۔

**فوائد:** یہ نسخہ مقوی، ممسک اور مغلظ ہے۔
اس کے علاوہ مقوی اعصاب ہے ہر قسم کی جسمانی دردوں اور قبض کا خاتمہ کرتا ہے،
نوجوانوں کے لئے ہمارے خاندان کا خاص معمول ہے ایسے نوجوان جو کہ ضعف باہ کا شکار
ہوں ان کے لئے یہ بے ضرر نسخہ لاجواب ہے اگر مریض بلغمی مزاج کا ہو اور اس کو کمزوری
بے حد ہو تو یہ گولیاں صبح و شام بھی بعد از غذا دودھ کے ساتھ استعمال کروائی جا سکتی ہیں ایک
ہفتہ تا ایک ماہ کا کورس کافی رہتا ہے۔

## کچلہ مدبر در ادرک کی ترکیب:

کچلہ حسبِ ضرورت لے کر اس کو ایک جوش دودھ میں دے کر رات بھر دودھ میں
پڑا رہنے دیں پھر صبح اسی دودھ میں اچھی طرح جوش دے لیں اور پھر اس کچلہ کو دودھ میں
سے نکال کر پانی کے ساتھ خوب دھولیں اور پانی میں ڈال کر آگ پر رکھ کر پکائیں، جب
اچھی طرح جوش آ جائیں تو پانی سے نکال کر اس کچلہ کو کسی چاقو وغیرہ سے چھیل کر اس کا
چھلکا اتار دیں اور ساتھ ہی کچلہ کا پتہ نکال دیں۔ اب کچلہ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے
لے کر کے کسی مٹی کے برتن میں ڈال دیں اور اوپر ادرک کا پانی اتنا ڈالیں کہ کچلہ سے ایک
انگل اوپر چڑھ جائے پھر اس برتن کو کسی محفوظ جگہ پر رکھ دیں جب ادرک کا پانی اچھی طرح
خشک ہو جائے تو کچلہ نکال کر کوٹ کر سفوف بنا لیں۔ اگر کچلہ کو کوٹنے میں دشواری محسوس
کریں تو اس کچلہ کو تھوڑے سے دیسی گھی کے ساتھ لوہے کے توے پر ہلکی آنچ پر رکھ کر ہلکا
سا بریاں کر لیں اور پھر کوٹ لیں اس طرح کچلہ فوراً بریاں ہو کر کوٹنے کے قابل ہو جاتا
ہے کچلہ کو باریک کر کے شامل نسخہ کریں اگر یہ آپ کے پاس تیار نہ ہو تو کسی اچھی ترکیب
سے مدبر کچلہ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## روغن برقی (خشک گرم)

**ھوالشافی:**

شنگرف ایک تولہ زردی بیضہ مرغ ۸ عدد

شنگرف مانند غبار کر لیں اور پھر زردیاں ملا کر خوب کھرل کریں اور کسی کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھ کر تیل نکال لیں۔

## تیل نکالنے کا طریقہ:

انڈوں کی زردیوں میں شنگرف ملا کر کڑچھی میں رکھیں اور کڑچھی کو تیز آگ پر رکھیں جب انڈوں کی زردیاں خوب جلنے لگیں تو کسی چمچ وغیرہ سے ان کو دباتے جائیں اور کڑچھی کو ٹیڑھا کر کے تیل ایک طرف جمع کرتے جائیں جب تھوڑا سا تیل جمع ہو جائے تو اسے کسی برتن میں ڈال لیں اور دوبارہ تیل نکالیں اس طرح چند بار کرنے سے انڈوں کی زردیوں کا مکمل تیل نکل جائے گا پھر باقی ماندہ پھوک پھینک دیں اور تیل کو کسی شیشی میں محفوظ کر لیں۔

**خوراک:** اس برقی روغن کی خوراک بچوں کو ایک قطرہ تھوڑی سی چینی میں ملا کر پیس لیں اور تین پڑیاں بنا دیں ایک پڑیہ صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ کھلا دیں' بڑوں کو ایک پورا قطرہ دن میں تین بار دیں۔

یہ روغن موسم سرما کی ہر بیماری کا واحد حیرت انگیز علاج ہے۔ نمونیا ایک خطرناک مرض ہے یہ دوا اس کا تریاق ہے دوا کھانے کے ساتھ ساتھ اس روغن کی بچوں یا بڑوں کی چھاتی اور پسلیوں پر نیم گرم کر کے مالش کریں ان شاء اللہ فوراً شفاء ہوگی موسم سرما کی جملہ روزمرہ ہونے والے امراض میں ضرور استعمال کروائیں۔

## حب درد گردہ (خشک گرم)

یوں تو درد گردہ کے ہزاروں نسخہ جات نظروں سے گذرے ہیں مگر یہ مختصر ترین نسخہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


درد گردہ کے لئے تجربہ پر تریاق صفت ثابت ہوا ہے درد گردہ کو فوراً ختم کرتا ہے ہمارا آزمودہ بار بار ہے۔

**ھوالشافی:**

لونگ ۲ تولہ — سورنجاں تلخ ۲ تولہ

تربد سفید ۲ تولہ — مصبر زرد ۲ تولہ

کچلہ مدبر ۲ تولہ۔

تمام دواؤں کو مانند غبار کرلیں اور تھوڑا سا پانی ملا کر حب بقدر نخودی بنالیں۔

**خوراک:** ایک تا ۲ گولی درد کی شدت میں پندرہ پندرہ پانچ تا دس منٹ میں ہی ختم ہو جاتا ہے پرانی درد کے لئے دو ہفتہ ایک گولی صبح وشام استعمال کروائیں۔

## یادگار منجن

یہ نسخہ پاکستان کے ایک مشہور حکیم صاحب کا خاص نسخہ ہے جو کہ وہ تجارتی پیمانے پر تیار کرتے ہیں اور ہزاروں روپے ماہوار کماتے ہیں انہوں نے مجھے یہ نسخہ بطور تحفہ دیا تھا میں نے اطبائے کرام کی خدمت میں پیش کر دیا یہ منجن وہ منی بیک گارنٹی کے ساتھ دیتے ہیں جو بھی یہ نسخہ بنائے گا سوچ سے زیادہ مفید پائے گا۔

**(خشک گرم)**

**ھوالشافی:**

پوست بادام سوختہ (جلے ہوئے) ۲ تولہ — پھٹکڑی بریاں ۲ تولہ

نیلا تھوتھا بریاں ۲ تولہ — عقرقرحا ۲ تولہ

مائیں ۲ تولہ — مازو ۲ تولہ

کبابہ خندہ ۲ تولہ — فلفل سیاہ ۲ تولہ

سمندر جھگ ۲ تولہ — نوشادر ۲ تولہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



روغن لونگ ایک تولہ　　روغن دارچینی ایک تولہ

نمک سادہ خوردنی حسب ذائقہ۔تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

بطور منجن استعمال کریں' دانتوں کی صفائی کے لئے لاجواب ہے دانتوں کے تمام امراض کے لئے اکسیر ہے دانتوں کا ہلنا' درد کرنا' پائیوریا خون آنا' کے لئے مجرب ترین ہے دن میں دو دفعہ صبح وشام دانتوں پر اچھی طرح لگائیں اور آدھا گھنٹہ تک لگا رہنے دیں پھر صفائی کر دیں دانتوں کے لئے اس سے بہتر نسخہ ملنا محال ہے یہ اکیلا نسخہ لاکھوں میں ہاتھ آئے تو بھی کم ہے قدر استعمال کے بعد معلوم ہوگی۔

## اکسیر شوگر گولیاں

یہ خاص نسخہ ہمارا سینے کا راز ہے جو کہ ہمیں کراچی کے ایک بہت مشہور حکیم سے حاصل ہوا تھا جو کہ اس نسخہ سے ہزاروں روپے کماتا ہے۔میرے ایک دوست کے اس حکیم کے ساتھ بے حد روابط تھے جس کی وجہ سے بڑی مشکل سے یہ نسخہ حاصل ہوا تھا۔شوگر کو کنٹرول کرنے کے لئے یہ نسخہ اپنی مثال آپ ہے۔

## (گرم خشک)

**ھوالشافی:**

رسونت اصلی عمدہ اڑھائی تولہ　　آب کریلا سبز ۲۰ تولہ

رسونت کو کریلا کے پانی میں ڈال کر آگ پر پکائیں آگ ہلکی ہو۔جب پانی خشک ہو جائے اور گولی باندھنے کے لائق ہو جائے تو آگ سے اتار کر ٹھنڈا کرلیں اور چنے برابر گولیاں بنالیں اگر شوگر زیادہ ہو تو دو گولی صبح وشام اور اگر شوگر کم ہو تو ایک گولی صبح وشام کھا کر کنٹرول کرلیں۔عام مریضوں کی شوگر ایک گولی روزانہ کھانے سے کنٹرول رہتی ہے۔ یہ ان انگریزی ادویات سے بے حد اچھا نسخہ ہے جو کہ روزانہ استعمال کرنی پڑتی ہیں ہم اپنے جن مریضوں کو یہ نسخہ استعمال کرواتے ہیں ان کو یہ کہہ دیتے ہیں کہ شوگر کنٹرول

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ہونے پر کبھی کبھی یہ گولیاں استعمال کر لیا کریں اگر شوگر زیادہ ہو تو زیادہ گولیاں لے لیں اگر کم ہو تو کم لے لیں اگر خشکی محسوس ہو تو دودھ گھی کا بکثرت استعمال کریں۔

## درد شکن گولیاں (خشک گرم)

**ھوالشافی:**

سقمونیا ایک تولہ — مصبر خالص ایک تولہ

سورنجاں شیریں ایک تولہ — سورنجاں تلخ ایک تولہ

سفوف بیخ حنظل مانند غبار ایک تولہ

تمام ادویات مانند غبار کر کے لعاب کنوار گندل میں خوب گھوٹ کر گولیاں چنے برابر تیار کرلیں۔

**خوراک:** ۲ گولی صبح ورات کو بعد از غذا دودھ پتی کے ساتھ۔

**فوائد:** عرق النساء جوڑوں کے درد اور جسمانی ہر قسم کے دردوں کے لئے تریاق ہے جڑے ہو مریض بھی بفضلہ تعالیٰ شفایاب ہوتے ہیں ہمارا خاص خاندانی نسخہ ہے لیکن ایک بات یاد رکھیں بیخ حنظل (جڑ تمہ) کا سفوف مانند غبار کریں۔

## معجون خاص برائے امراض مردانہ

یہ نسخہ لاہور کے ایک بہت مشہور دواخانہ کا خاص راز کا نسخہ ہے میرے ایک قریبی دوست کی معرفت صاحب نسخہ سے یہ نسخہ مجھے ملا تھا یہ نسخہ صاحب نسخہ کسی کو نہیں بتاتے تھے مجھے بڑی مشکل کے بعد حاصل ہوا ہے میں یہ نسخہ بھی اطبائے کرام کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

**(خشک گرم)**

**ھوالشافی:**

زنجبیل ۵ تولہ

خولنجاں ۵ تولہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


تخم دھتورہ ۵ تولہ — تیزیات ۵ تولہ
موصلی سفید ۵ تولہ — چنے بھنے ہوئے ۵ تولہ
مغز بادام ۱۵ تولہ — مغز پنبہ دانہ ۱۵ تولہ
مغز پستہ ۱۵ تولہ — شہد خالص ۳ گنا ادویہ۔

یعنی کہ تمام ادویات کے مکمل وزن سے شہد تین گنا ہونا چاہیے۔
تمام ادویات کو باریک پیس کر شہد خالص ملا کر معجون بنا لیں۔

**خوراک:** ۳ ماشہ تا ۳ ماشہ صبح و شام نہار منہ ہمرہ دودھ۔

**فوائد:** جملہ امراض مردانہ جریان منی، کمزوری، سرعت انزال، جراثیم کی وغیرہ کے لئے لاجواب نسخہ ہے وہ حکیم صاحب جن کا یہ نسخہ ہے اس نسخہ کی ۱۰۰ گرام کی ڈبی 500 روپے تک میں فروخت کرتے ہیں اور ہزاروں روپے کماتے ہیں اور سب سے زیادہ امراض مردانہ میں یہ نسخہ استعمال کرتے ہیں۔

## ٹھنڈک حکیم شہباز والی نمبر 2 (تر سرد)

یہ نسخہ تمام گرمائی امراض کا مکمل علاج ہے۔ موسم گرما کہ امراض، یرقان، گھبراہٹ، ہائی بلڈ پریشر، کثرت حیض اور پرانے سے پرانے لیکوریا کا شافی علاج ہے خرابی جگر کے لئے اکسیر ہے۔

**ھوالشافی:**

کشتہ قلعی بھنگ شورے والا ۵ تولہ — دانہ الائچی کلاں ۵ تولہ
طباشیر ۵ تولہ — چینی ۵ تولہ
زہر مہرہ خطائی ۵ تولہ — تمام ادویات کا سفوف مانند غبار بنا لیں۔

**خوراک:** ۴ رتی تا ایک ماشہ صبح دوپہر شام پانی یا دودھ کے ساتھ۔

**فوائد:** تمام گرم (صفراوی) امراض اور لیکوریا یا یرقان ہاتھ پاؤں کی جلن، ہائی بلڈ پریشر کے لئے فوری موثر ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## سفوف صحت

بعض امراض مردانہ کے مریض ایسے بھی آتے ہیں جن کو بے شمار ادویات استعمال کروانے پر بھی افاقہ نہیں ہوتا ایسے مریض مختلف اطبائے کرام سے ادویات کھا کھا کر تنگ آ جاتے ہیں مگر شفایاب نہیں ہو پاتے ایسے مریضوں کے وسیع مطالعہ کے بعد یہ نتیجہ سامنے آیا ہے کہ ایسے مریض سوزاکی زہر میں مبتلا ہوتے ہیں جس کی وجہ سے ادویات ان پر اثر نہیں کرتی یا اگر مریض کو وقتی افاقہ ہوتا ہے تو علاج چھوڑنے پر دوبارہ تکلیف ہو جاتی ہے اس لئے ایسے مریضوں کو جب تک سوزاکی زہر سے پاک نہ کیا جائے وہ شفایاب نہیں پاتے۔ یہ نسخہ ایسے ہر مریضوں کے لئے ہے اگر کوئی ایسا مریض آئے تو یہ نسخہ ایسے مریض کو پہلے مرض کی مناسبت سے دو ہفتہ تا ایک ماہ استعمال کروائیں پھر باقاعدہ علاج شروع کریں۔ ان شاء اللہ مریض شفایاب ہوگا۔

**ھوالشافی**:

آملہ ۱۰۰ گرام — ہلدی ۵۰ گرام

چینی ۱۰۰ گرام — سفوف بنالیں۔

**خوراک**: ۲ ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ کچی لسی یا تازہ پانی کے ساتھ لیکن پانی اور کچی لسی کا زیادہ استعمال کریں اور گرم غذاؤں سے مکمل پرہیز کروائیں۔

## سفوف خراطین خاص (تر گرم)

بعض مردانہ کمزوری کہ ایسے مریض ہوتے ہیں جن کو کمزوری کے ساتھ ساتھ وقت سرعت جراثیمی کمزوری اور منی بے حد پتلی ہوتی ہے ایسے مریضوں کے لئے یہ نسخہ خصوصیت کے ساتھ مفید ہے۔

**ھوالشافی**:

خراطین ۵۰ گرام — ثعلب مصری ۵۰ گرام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بہوپھلی ۵۰ گرام — موصلی سفید ۵۰ گرام

مصری ۵۰ گرام — تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک**: ۶ ماشہ صبح وشام دودھ کے ساتھ۔

ایک ماہ کورس کروائیں اگر اس کے ساتھ ہی معجون مادۃ الحیات استعمال کروائی جائے تو بے حد مجرب ہے مادہ منویہ کو بے حد گاڑھا کر کے جرثوموں کی پیدائش بڑھانے کے لئے مجرب ہے۔

# سفوف حیات حکیم شہباز والا

## ۱۰۰ امراض کی ایک دوا:

**ھوالشافی**:

| | |
|---|---|
| قلمی شورہ ۳ پاؤ | جوکھار ایک پاؤ |
| تخم کاسنی ایک پاؤ | گل سرخ ایک پاؤ |
| نوشادر آدھا کلو | فلفل سیاہ ایک پاؤ |
| سونٹھ ڈیڑھ پاؤ | سناء مکی مصفی ۳ پاؤ |

تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔ یہ دوا ۱۰۰ امراض کی ایک دوا ہے۔ صرف ایسے مریض جن کو ٹھنڈی غذائیں اور دوائیں موافق نہ آئیں ان کو یہ دوا نہ دیں باقی ہر قسم کی مرض کے لئے خواہ وہ کتنی ہی خطرناک کیوں نہ ہو اسے آپ بھروسے کے ساتھ استعمال کر سکتے ہیں۔

**خوراک**: ایک ماشہ تا ۳ ماشہ دن میں تین بار پانی کے ساتھ، تمام خشک گرم، گرم خشک، گرم تر امراض کا مجرب علاج ہے تفصیل کی گنجائش نہیں ورنہ ۱۰۰ امراض کے نام لکھ دیتا آپ آنکھیں بند کر کے استعمال کریں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## حیات جاوید (خشک گرم)

**ھوالشافی:**

کشتہ سم الفار سفید ایک تولہ
کشتہ چاندی ۶ ماشہ
کشتہ شنگرف ۶ ماشہ
زعفران ۶ ماشہ
سلاجیت اصلی ایک تولہ

تمام ادویات کو آب ادرک میں ۱۰ روز تک کھرل کریں۔

**خوراک:** ۲ چاول تا ۴ چاول تک لبوب کبیر میں ملا کر دیں۔

**فوائد:** نہایت درجہ مقوی باہ ہے۔ ممسک اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے دوران استعمال دوا دودھ گھی بکثرت استعمال کروائیں۔

## تریاق معدہ (گرم تر)

امراض معدہ کے لئے تمام رائج چورنوں اور پھکیوں سے 100 درجہ بہتر ہے۔ کمی بھوک، خرابی معدہ، بدہضمی، گیس ٹربل وغیرہ کا خاتمہ کرتا ہے معدہ کے بے شمار امراض کا تریاق ہے ہمارا خاص مجرب نسخہ ہے۔

**ھوالشافی:**

اجوائن ایک تولہ
بالچھڑ ایک تولہ
رائی ایک تولہ
انار دانہ ایک تولہ
زیرہ سفید ایک تولہ
زیرہ سیاہ ایک تولہ
حرمل ایک تولہ
کرفس ڈیڑھ تولہ
فلفل سیاہ ۲ تولہ
نوشادر ۲ تولہ
پودینہ ۲ تولہ
زنجبیل ۲ تولہ
نمک سانبھر ۱۰ تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



**خوراک:** ایک ماشہ تا تین ماشہ صبح دو پہر شام پانی کے ساتھ۔

**فوائد:** معدہ کے امراض کے لئے تریاق ہے گیس کے لئے مجرب ہے کاسر ریاح خوب ہے۔

## خاتونی (خشک گرم)

یہ دوا عورتوں کے جملہ امراض لیکوریا' بندش حیض' خرابی حیض' درد حیض' کمی خون' خارش اندام وغیرہ جملہ امراض نسواں کے لئے مجرب ترین دوا ہے امراض رحم کا خاتمہ کر کے عورت کو صحیح معنوں میں عورت بناتی ہے۔

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| ریوند خطائی ۵ تولہ | مرمکی ۵ تولہ |
| مصبر ۵ تولہ | ہیرا کیس ۵ تولہ |
| ہینگ اڑھائی تولہ | سبز کونین اڑھائی تولہ |

تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۲ رتی تا ۴ رتی تک کیپسول میں بھر کر صبح و شام ہمراہ دودھ اور گاجر کے مربہ سے کھلائیں۔ موسم گرما میں خوراک کم رکھیں' سرما میں پوری دیں۔

**فوائد:** تمام نسوانی عوارضات کا یقینی علاج ہے۔

## حب مقوی و مسکن خاص (گرم تر)

ایسے مریض جو کہ انتہائی کمزور ہوں یعنی مردانہ کمزوری کا شکار ہوں اور ساتھ ہی ان کا بلڈ پریشر بھی تیز رہتا ہو' تو ایسے مریضوں کے لئے یہ مجرب ترین فارمولا ہے۔ مردانہ کمزوری اعصابی کمزوری کا خاتمہ کر کے بلڈ پریشر بھی کنٹرل رہتا ہے۔

**ھوالشافی:**

شنگرف مدبر در لہسن ۲ تولہ، ۲ تولہ شنگرف آدھا کلو لہسن کے نغدہ میں آنچ دے کر مدبر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کرلیں)

چھوٹی چندن ۴ تولہ — آب لہسن آدھا کلو۔

دونوں دواؤں کو لہسن کے پانی میں کھرل کرلیں کہ آدھا کلو پانی جذب ہو جائے پھر چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**خوراک:** ایک تا دو گولی صبح وشام ہمراہ غذا دودھ کے ساتھ۔

## تریاق مذی (تر گرم)

بعض مریضوں کو مذی حد سے زیادہ آتی ہے یہ نسخہ چند خوراکوں میں مذی بند کر دیتا ہے اس کے علاوہ مسلسل استعمال سے مذی کے خاتمہ کے ساتھ جریان اور احتلام وغیرہ کا بھی خاتمہ کر دیتا ہے۔

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| عقرعقرحا ایک تولہ | ریوند چینی ۲ تولہ |
| تخم ریحان بریاں ۳ تولہ | چینی ۵ تولہ |

تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۳ ماشہ روزانہ دودھ یا پانی کے ساتھ اگر تکلیف زیادہ ہو تو صبح وشام بھی استعمال کریں۔

مذی پہلی خوراک میں ہی کنٹرول ہوگی چند روزہ مستقل استعمال شفاء کا ضامن ہے۔

## کینسر کورس۔ یونانی (گرم تر)

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| رسکپور ۶ ماشہ | دار چکنا ۶ ماشہ |
| ہڑتال ورقیہ ایک تولہ | پارہ ایک تولہ |
| گندھک آملہ سار ایک تولہ | اجوائن دیسی ایک پاؤ |
| بانجی ایک پاؤ | تخم مولی ایک پاؤ |

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


تمام ادویات کو باریک پیس لیں اور گندھک پارہ کی کجلی بنا کر ملالیں اور اس دو میں آب مولی اتنا ڈالیں کہ تربہ تر ہو جائے پھر خشک ہونے پر دوبارہ باریک پیس لیں اور اور سفوف بنا کر 250mg والے کیپسول بولیں ایک کیپسول صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ کھلائیں اور ساتھ دھماں بوٹی جس کو دھمانسہ بھی کہتے ہیں ۵۰ گرام کا جوشاندہ بنا کر اس میں شہد ملا کر دن میں تین بارہ استعمال کروائیں۔ کینسر کے لئے مجرب نسخہ ہے مدت کورس ایک ماہ سے ۳ ماہ۔

## حب نرینہ (خشک تر)

**هوالشافی:**

| | |
|---|---|
| مور کے پر مکمل ۳ عدد | ماز و بے سراخ ایک عدد |
| کشتہ فولاد ایک تولہ | تخم بھنگ ایک تولہ |

گڑ پرانا ۲ تولہ۔

تمام ادویات کو خوب کوٹ لیں حتیٰ کہ ملائم ہو جائیں : کے پر کی ٹکیہ اور پر کے بال اتار لیں ہڈی سی پھینک دیں جب دوائیں خوب یکجان ہو جائے تو کابلی چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**خوراک:** ایک گولی صبح دوپہر شام قہوہ لونگ، دارچینی کے ساتھ حمل کے تیسرے ماہ سے لے کر پندرہ یوم تک کھلا دیں ساتھ خشک گرم غذائیں، انڈے، گوبھی، مٹر، گوشت، کالے چنے وغیرہ کھلائیں ان شاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا، جن لوگوں کی لڑکیاں ہی لڑکیاں ہوں ان کے لئے ایک نعمت ہے۔

## گیس ٹربل کورس (تر گرم)

آج کل مریضوں کی اکثریت تبخیر معدہ میں مبتلا ہے۔ کسی دور میں یہ مرض تری سردی کی وجہ سے عام ہوتا تھا، مگر آج کل یہ مرض خشک سرد اور خشک گرم اور گرم خشک مزاج کے مریضوں میں زیادہ دیکھنے میں آتا ہے اس مرض کے لئے میں نے کافی ریسرچ کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


بعد یہ کورس ترتیب دیا ہے اس کے مسلسل استعمال سے گیس کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

**ھو الشافی:**

سوڈا خوردنی ۵۰ گرام
سونٹھ ۵۰ گرام
نوشادر ٹھیکری ۱۰ گرام
فلفل سیاہ ۱۰ گرام
فلفل دراز ۱۰ گرام
الائچی کلاں ۱۰ گرام

تمام ادویات کا سفوف بنا لیں یہ حصہ اول ہے یہ سفوف ۱۰۰ گرام لے لیں اور ۱۰۰ گرام حصہ دوم نسخہ ملا لیں۔

## حصہ دوم (گرم تر):

**ھو الشافی:**

سونٹھ ایک تولہ
مرچ سیاہ ایک تولہ
فلفل دراز ایک تولہ
نوشادر ٹھیکری ایک تولہ
پودینہ ۲ تولہ
گندھک آمد سار ۴ تولہ
میٹھا سوڈا ۱۴ تولہ
سونف ۴ تولہ
ریوند خطائی ۴ تولہ
نمک خوردنی ۸ تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنا لیں۔

۱۰۰ گرام حصہ اول اور ۱۰۰ گرام حصہ دوم ملا لیں۔

**خوراک:** ۲ تا ۳ ماشہ صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ دیں ثقیل بادی، اشیاء سے پرہیز کریں، آلو گوبھی، انڈے، کریلے، بڑا گوشت وغیرہ سے مکمل پرہیز کریں دوا مسلسل استعمال کرنے سے گیس ٹربل کا خاتمہ ہو جاتا ہے اگر اس کے ساتھ پودینہ + اجوائن دیسی کا قہوہ دن میں ایک بار پی لیا جائے تو بے حد مفید ہے۔ یہ دوا خشک سرد خشک گرم اور گرم خشک مزاج کی تبخیر کے لئے بے حد مجرب ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


# خروج رحم کورس (خشک سرد)

**ھوالشافی:**

کشتہ گاؤ دنتی در نیم ۵۰ گرام　　چھالیہ ۵۰ گرام

چینی ۱۰۰ گرام۔　　سفوف بنالیں۔

ڈیڑھ ماشہ دن میں تین بار پانی کے ساتھ اس کے ساتھ ایک رتی صبح وشام کشتہ توتیا اکسیری جو کہ پچھلے صفحات میں گذر چکا ہے' دن میں دو بار استعمال کروائیں ایک ماہ کورس کروادیں خروج رحم سے مکمل شفاء ہوگی اگر مرض معمولی اور نیا ہوتو دو ہفتہ کا کورس کافی ہے اس کے ساتھ مریض کو زیادہ گرم اشیاء سے مکمل پرہیز کروائیں۔

اگر خشکی محسوس ہوتو دودھ پئیں۔

## تحفہ منصوبہ بندی (خشک سرد)

**ھوالشافی:**

ہلیلہ سیاہ ایک تولہ　　پھٹکری سفید ایک تولہ

دونوں کو خوب باریک پیس کر کابلی چنے سے بری گولیاں لمبوتری بنالیں جیسے کہ بتی ہوتی ہے بوقت مباشرت عورت اس گولی کو اپنے رحم میں رکھ لے ہر مباشرت پر ایک گولی استعمال کریں جب تک چاہیں اس طرح وقفہ بڑھالیں۔ اس دوا کا کسی قسم کا نقصان نہیں ہے۔

آج کل منصوبہ بندی کا بڑا زور وشور ہے اس لئے یہ خاص تحفہ اطبائے کرام کی خدمت میں پیش ہے کیونکہ عام لوگ بلکہ بعض طبیب بھی سمجھتے ہیں کہ حکیموں کے پاس منصوبہ بندی کا کوئی قابل بھروسہ طریقہ نہیں ہے یہ مجرب نسخہ ہے۔

## جلدی امراض

**ھوالشافی:**

جل نیم بوٹی خشک ایک پاؤ　　مرچ سیاہ ۵۰ گرام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


سفوف بنا کر کابلی چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

**خوراک:** ایک تا ۳ گولیاں۔صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** خارش، دھدر، چنبل، الرجی، چھپاکی وغیرہ جلدی امراض کے لیے مجرب ترین دوا ہے نیز بواسیر خونی وبادی اور قبض کے لیے بھی مفید ہے۔

## جلدی امراض برائے دھدر چنبلی

**ھوالشافی:**

جل نیم بوٹی خشک ایک پاؤ     مرچ سیاہ ۵۰ گرام

سفوف بنا کر کابلی چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**خوراک:** ایک تا ۳ گولی صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** خارش، دھدر، چنبل، اور جلدی امراض الرجی وغیرہ چھپاکی کے لیے مجرب دوا ہے۔

# مجربات خصوصی

## قانون مفرد اعضاء حکیم شہباز والے

اب ہم چند مجربات قانون مفرد اعضاء کے فارما کو پیا کے یہاں درج کررہے ہیں جو کہ ہم نے طویل تجربات کے بعد اجزاء میں کمی بیشی کر کے سیٹ کیے ہیں قانون مفرد اعضاء کے تحت ان چند مجربات سے ہر قسم کے امراض کا علاج ہوسکتا ہے' ان نسخہ جات سے بالخصوص ایسے اطبائے کرام جو کہ قانون مفرد اعضاء جانتے ہیں وہ ضرور فائدہ اٹھائیں۔

### ملین نمبر 1 اعصابی عضلاتی ملین (تر سرد)

**ھوالشافی:**

قلمی شورہ ایک پاؤ

جوکھار ایک پاؤ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


گل سرخ ایک پاؤ تخم کاسنی ایک پاؤ

سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۴رتی تا ۳ماشہ۔صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ۔

**فوائد:** تمام صفراوی امراض غدی عضلاتی اوراور غدی اعصابی کے لئے مجرب ترین دوا ہے اس کے علاوہ عضلاتی غدی تحریک کی تمام علامات کے لئے بھی فوری اثر ہے۔

## تریاق نمبر 6۔ اعصابی غدی تریاق (تر گرم)

**هوالشافی:**

ملٹھی خالص سفوف ایک پاؤ سہاگہ سفید بریاں ایک پاؤ

ہلدی خالص ایک پاؤ شیر مدار خالص ۳تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنا کر شیر مدار ملا کر خوب کھرل کرلیں، بس تیار ہے۔

**خوراک:** ایک رتی تا ایک ماشہ تک دن میں تین بار پانی کے ساتھ۔

**فوائد:** تمام عضلاتی غدی، غدی عضلاتی اور غدی اعصابی امراض وعلامات کے لئے بے حد مجرب ہے۔

## حب شفا حکیم شہباز والا (تر گرم)

**هوالشافی:**

میٹھا تیلیہ ۲تولہ اجوائن خراسانی ۵تولہ

چھوٹی چندن ۱۰تولہ سوڈا سیلی سلاس ۱۰گرام

اسگندھ ۱۰تولہ سورنجاں شیریں ۱۰تولہ

کشنیز ۱۰تولہ تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۴رتی صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ۔

**فوائد:** عضلاتی اور غدی امراض وعلامات کے لئے بے حد مفید ومجرب ہے ہر قسم کے جسمانی درد اور ہائی بلڈ پریشر کے لئے مجرب ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## اعصابی کھار (تر گرم)

**ھوالشافی:**

قلمی شورہ ۱۰ تولہ — نوشادر ۱۰ تولہ

فلفل سیاہ ۵ تولہ — تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۴ رتی تا ایک ماشہ صبح دوپہر شام۔

**فوائد:** تمام عضلاتی غدی اور غدی عضلاتی اور غدی اعصابی امراض وعلامات کے لئے بے حد مجرب ہے۔

## اکسیر نمبر 1 اعصابی عضلاتی اکسیر (تر سرد)

**ھوالشافی:**

کشتہ قلعی بھنگ شورے والا ایک تولہ — طباشیر عمدہ ایک تولہ

دانہ الائچی کلاں ایک تولہ — چینی ایک تولہ

سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۴ رتی تا ایک ماشہ صبح دوپہر شام۔

**فوائد:** تمام عضلاتی غدی اور غدی عضلاتی اور غدی اعصابی امراض وعلامات کے لئے بے حد مفید و مجرب ہے اگر کشتہ بھنگ شورے والا موجود نہ ہو تو کسی اچھی ترکیب سے بنا ہوا ملالیں۔

## نمبر 5 ملین غدی اعصابی ملین (گرم تر)

**ھوالشافی:**

زنجبیل ۵ تولہ — نوشادر ۲ تولہ

مرچ سیاہ ایک تولہ — سناء مکی ۱۰ تولہ — سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۴ رتی تا ایک ماشہ صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


**فوائد:** تمام غدی اعصابی' اعصابی' غدی اور اعصابی عضلاتی۔ امراض وعلامات کے لئے مجرب دوا ہے۔

## نمبر 4 ملین غدی عضلاتی ملین (گرم خشک)

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| اجوائن دیسی ۴ تولہ | بابچی ۴ تولہ |
| تارامیرا ۱۴ تولہ | گندھک آملہ سار ۱۲ تولہ۔ |

تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۴ رتی تا ایک ماشہ صبح دوپہر شام۔

**فوائد:** تمام اعصابی' عضلاتی' عضلاتی اعصابی امراض علامات کے لئے بے حد مجرب دوا ہے۔

## تریاق تبخیر صابری (خشک گرم)

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| شنگرف ایک تولہ | مغز جائفل ایک تولہ |
| دارچینی ایک تولہ | عقرقرحا ایک تولہ |
| لونگ ۲ تولہ | زنجبیل ۲ تولہ |
| فلفل دراز ۲ تولہ | تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔ |

**خوراک:** ۴ رتی تا ایک ماشہ صبح دوپہر شام

**فوائد:** تمام اعصابی غدی اور اعصابی عضلاتی امراض وعلامات کے لیے بے حد مفید ومجرب دوا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



# مرکب نسخہ جات بمطابق قانون مفرد اعضاء

اب ہم قانون مفرد اعضاء کے مطابق جو مجربات درج کیے گئے ہیں ان کو مرکب کر کے تحریکوں کے مطابق سیٹ بنا کر درج کرتے ہیں تا کہ قانون مفرد اعضاء کے حکمائے کرام ان مجربات سے خوب فائدہ اٹھا سکیں تجربات سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ یہ ادویات مرکب صورت میں مفرد ادویات کی نسبت بے حد فائدہ بخشتی ہیں۔

اب ہم تحریکوں کے مطابق سیٹ کرتے ہیں۔

## نمبر 1 عضلاتی سیٹ

عضلاتی اعصابی ملین + تریاق تبخیر صابری + غدی عضلاتی ملین۔ تینوں ادویات برابر وزن ملا کر صبح دو پہر شام استعمال کروائیں اور ساتھ لونگ + دارچینی + چائے کی پتی کا قہوہ پلائیں اور جوارش جالینوس ایک چمچ صبح و شام پانی کے ساتھ دیں۔

یہ مرکب ہر قسم کی اعصابی امراض' اعصابی غدی اور اعصابی عضلاتی کا مجرب ترین علاج ہے غدی اعصابی تحریک کے ایسے مریض جن کو اعصابی ادویات سے تکلیف ہو ان کیلئے بھی یہ سیٹ بے حد مجرب ہے' تکلیف خواہ کچھ بھی ہو تشخیص کر کے یہ سیٹ دے دیں انشاء اللہ شفاء ہو گی۔

## نمبر 2 غدی سیٹ

**هوالشافی**: غدی اعصابی ملین + غدی اعصابی ہاضم + اعصابی غدی تریاق۔ تینوں ادویات برابر بروزن ملا لیں اور دن میں تین بار پانی کے ساتھ دیں اور ان کے ساتھ پودینہ + سونٹھ کا قہوہ بنا کر مریض کو پلائیں اور ساتھ مریض کو جوارش کمونی ایک چمچ صبح دو پہر شام روزانہ کھلائیں۔ یہ مرکب ہر قسم کے عضلاتی اعصابی اور عضلاتی غدی امراض کے لئے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بے حد مجرب ہے مرض خواہ کچھ بھی ہو عضلاتی تحریک تشخیص کر کے یہ مرکب دوا دے دیں' ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

## نمبر 3 اعصابی سیٹ

**ھوالشافی**: غدی اعصابی ملین+ اعصابی غدی تریاق+ اعصابی کھار+ اعصابی عضلاتی ملین۔ برابر وزن ملا کر صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ دیں اس مرکب کے ساتھ مریض کو زیرہ سفید+ الائچی سبز+ پھل گلاب کا قہوہ پلائیں اور ساتھ ایک چمچ خمیرہ گاؤزبان صبح دوپہر شام کھلائیں۔

یہ سیٹ ہر قسم کے غدی عضلاتی اور غدی اعصابی امراض وعلامات کے غدی شدید تکالیف میں یہ سیٹ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

## ھائی بلڈپریشر کے لئے

**ھوالشافی**: حب شفا+ اعصابی غدی تریاق+ اعصابی عضلاتی ملین برابر وزن صبح دوپہر شام کھلائیں اور اس کے ساتھ خمیرہ گاؤزبان اور گاجر کا مربہ استعمال کروائیں ان شاء اللہ فوراً ہائی بلڈ پریشر کنٹرول ہو گا۔

اسی طرح مختلف امراض وعلامات میں ان ادویات کو مرکب کر کے استعمال کیا جا سکتا ہے جس سے ان کے اثرات بے انتہا تیز ہو جائیں گے۔

## اکسیر لیکوریا (خشک سرد)

**ھوالشافی**: 1 موچرس ایک تولہ' 2 کمرکس ۲ تولہ' 3 سنگ جراحت ۳ تولہ۔

تینوں ادویات کو سفوف مانند غبار بنالیں دوا تیار ہے۔

**خوراک**: ۳ ماشہ صبح وشام ہمراہ آدھا کلو دودھ استعمال کروائیں ایک تا دو ہفتہ میں لیکوریا کا خاتمہ ہو گا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## حب لا جواب زعفرانی (خشک گرم)

**ھوالشافی:**

زعفران ایک تولہ — ہیرا ہینگ ایک تولہ
عقرقرحا ایک تولہ — جدوار خطائی ایک تولہ
جند بیدستر ایک تولہ — عود صلیب ایک تولہ

تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر چنے برابر گولیاں بنالیں یا خالی درمیانے کیپسول بھرلیں۔

**خوراک:** ایک گولی یا کیپسول صبح دوپہر شام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ کھائیں۔

**فوائد:** یہ دوا تمام اعصابی امراض بلغمی امراض، فالج مرگی، اعصابی درد، ریاحی درد، جوڑوں کے درد تبخیر معدہ جسمانی کمزوری مردانہ کمزوری، بندش حیض کے لئے لاجواب دوا ہے۔

## ھاضم نمبر 1

**ھوالشافی:**

زیرہ سفید ایک کلو — تخم کاسنی ایک کلو
سوڈا خوردنی ایک کلو — گل نیلوفر آدھا کلو
گل گلاب ایرانی آدھا کلو، — کشنیز آدھا کلو
قلمی شورہ ایک پاؤ — جوکھار ایک پاؤ

تمام ادویات کو اچھی طرح صاف کرلیں اور باریک پیس لیں۔

**خوراک:** ایک تا چھ ماشہ دن میں تین بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** یہ نسخہ اعلیٰ درجہ کا اعصابی ہاضم ہے۔ تمام گرم امراض کے لیے مجرب ترین ہے جگر کو سکون دے کر جسم میں گرمی کا خاتمہ کرتا ہے اور ساتھ میں نظامِ انہضام کی اصلاح کرتا ہے۔ اس نسخہ کو ہر گرم مرض پر خواہ عورتوں کا ہو خواہ مردوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ معمول مطب ہے اور آزمودہ بار بار ہے یہ نسخہ حکیم اشرف شاکر صاحب کا خاص نسخہ ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## سفوفِ مفرح

**ھوالشافی:**

کشنیز ایک کلو — چینی ایک کلو

الائچی سبز آدھا پاؤ — سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ایک چمچ دو ادن میں تین بار کھانے سے پہلے یا بعد پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

**فوائد:** یہ دوا ٹھنڈک کے اثرات رکھنے والی بے حد مفید دوا ہے جو کہ ہر قسم کے گرم امراض بالخصوص گھبراہٹ، بے چینی، دل کی دھڑکن کا زیادہ ہو جانا، ،ہاتھ پاؤں کی جلن، سینے کی جلن، یرقان اور نوجوانوں کا احتلام اور انتشار کی زیادتی کے لیے مجرب ترین دوا ہے۔ اگر اس کے ساتھ سیلف کنڑول کیپسول روازانہ رات کو سونے سے پہلے کھلائے جائیں تو بے حد موثر ہے۔

## سیلف کنڑول کیپسول

**ھوالشافی:**

تخم خرفہ ۵۰ گرام — کشنیز ۵۰ گرام

کافور ۵۰ گرام — پوٹاشیم برومائیڈ ۵۰ گرام

چاروں ادویات کو باریک سفوف بنالیں اور خالی ۵۰۰ ملی گرام والے کیپسول بھرلیں۔

**خوراک:** ایک کیپسول روزانہ رات کو سونے سے پہلے پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** نوجوانوں کے امراض جریان، احتلام، کثرتِ انتشار کے لیے لاجواب نسخہ ہے۔ اگر کسی مریض کا اس دوا کے استعمال کے دوران بلڈ پریشر کم ہو جائے تو اُس کو نمک کا استعمال زیادہ کروائیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## دوائے سرخ

**ھوالشافی:**

گیرو عمدہ ایک کلو　　سنگراح عمدہ ایک کلو

دونوں کا سفوف بنالیں جتنا باریک ہو سکے کرلیں۔

**خوراک:** ۳ تا ٦ ماشہ صبح دو پہر شام کھانے سے پہلے یا بعد پانی کے ساتھ کھلائیں یا شربتِ انجبار کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** جسم کے کسی بھی حصہ سے خون آرہا ہو اُس کے لیے لاجواب ہے۔ بالخصوص کثرتِ حیض کے لیے لاجواب ہے۔ چھوٹی عمر کی بچیوں کو کثرت حیض کے لیے مجرب دوا ہے۔

## اکسیرِ ھڑتال ورقیہ خاص

**ھوالشافی:**

ہڑتال ورقیہ عمدہ ۱۰۰ گرام　　سونٹھ ۵۰۰ گرام

مرچ سیاہ ۵۰۰ گرام

ہڑتال ورقیہ کو خوب باریک پیس لیں اور پھر سونٹھ کو بھی باریک پیس لیں اور مرچ سیاہ ملا کر خوب کوٹیں اور مشین میں ڈال کر عام ادویات کی نسبت اس نسخہ کی ڈبل پسوائی کریں۔ اور پھر میدہ کی چھانی سے چھان لیں، بس اکسیر تیار ہے۔

**خوراک:** 2 تا ۴ رتی صبح دو پہر شام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** یہ دوا جلدی امراض ہر قسم، ٹی بی، بخار، نزلہ، کھانسی اور ہر وہ مرض جو عضلاتی غدی ہو یا عضلاتی اعصابی ہو، کے لیے لاجواب دوا ہے۔ خارش اور جلدی امراض دھدر چنبل کے لیے مجرب دوا ہے۔

## اکسیر والبدن فولادی

**ھوالشافی:**

ہیرا کیس آدھا کلو　　قلمی شورہ آدھا کلو

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


پھٹکڑی سفید آدھا کلو

تینوں ادویات کو کوٹ کر ملا لیں اور ایک مٹی کی ہانڈی میں ڈال کر گلِ حکمت کر کے ۲۰ کلو اوپلوں کی آنچ دے لیں۔ آنچ ٹھنڈی ہونے پر نکال لیں بس تیار ہے۔ نکال کر باریک پیس لیں سُرخ رنگ کی اکسیر تیار ہوگی۔

**خوراک:** ایک تا تین ماشہ صبح خالی پیٹ دہی کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** خرابی جگر، یرقان، خون کی کمی اور امراضِ جگر کی وجہ سے ہونے والی جسمانی سوزش کے لیے بھی لاجواب دوا ہے۔

## اکسیر کیرا

**ھوالشافی:** ایک پاؤ سبز مہندی کے پتے کوٹ کر نُغدہ بنالیں اور اُس میں پانچ تولہ ہڑتال گئودنتی رکھ کر کسی کوزہ میں اچھی طرح کپڑ وٹی کر کے ۱۵ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

**خوراک:** ۵۰۰ ملی گرام والا کیپسول بھر کر رات کو سوتے وقت آدھا کلو دودھ پتی کے ساتھ ایک ماہ کھلائیں۔

**فوائد:** انشاءاللہ کیرا اور پرانا نزلہ ختم ہوگا۔

## حَب بندق

**ھوالشافی:** چھلکا ریٹھا لے کر خوب باریک پیس لیں اور کابلی چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔

**خوراک:** گولی صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** بواسیر خونی، احتلام، گیس اور قبض اور سوزش و دردِ گردہ کے لیے مفید ہے۔

## برقی نسوار

**ھوالشافی:** ریٹھا کا چھلکا لے کر باریک پیس لیں۔

**طریقہ استعمال:** ایک چٹکی اس میں سے لے کر دونوں طرف ناک میں اوپر چڑھائیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



چھینکیں آ کر ناک سے پانی اور نزلہ جاری ہوگا۔ کئی مریضوں کی ناک، آنکھوں اور منہ سے بھی پانی نکلنا شروع ہو جاتا ہے جب اچھی طرح پانی نکل جائے تو ناک کو صاف کر لیں۔ اگر جلن ہو تو ناک میں دو تین قطرے زیتون کے تیل کے ڈال لیں۔

**فوائد:** ناک کے غدود بڑھنا، ناک کی بوسیر، سر درد، درد شقیقہ وغیرہ کے لیے مجرب دوا ہے ساتھ خوردنی ادویات بھی کھلائیں۔

## حَبِ مقوی اعصاب

**هوالشافی:**

| | |
|---|---|
| مغز بادام ۶۰ گرام | ازراقی مدبر ۵۰ گرام |
| سونٹھ ۵۰ گرام | مرچ سیاہ ۲۰ گرام |

تمام ادویات کو باریک پیس کر چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**خوراک:** ایک گولی صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پانی یا دودھ یا چائے کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** گرم تر مقوی اعصاب گولیاں ہیں پٹھوں کے درد، عام جسمانی درد، جسمانی کمزوری اور مردانہ کمزوری کے لیے بھی مفید ہیں۔

## قروح معدہ کیپسول

**هوالشافی:**

| | |
|---|---|
| سنگراح عمدہ ۱۰۰ گرام | ٹھیکری سفید ۱۰۰ گرام |

دونوں ادویات کو خوب باریک پیس لیں۔ علیحدہ علیحدہ اور پھر ملا کر خوب کھرل کر لیں۔

**خوراک:** ۶ رتی والے کیپسول بھر لیں ایک کیپسول دن میں تین بار کھانے سے ایک گھنٹہ قبل نیم گرم دودھ کے ساتھ کھلائی۔ لیکن ہر مرتبہ خالی معدہ ہی استعمال کروانی ہے۔

**فوائد:** دوا کے اندر جاتے ہی دودھ پھٹ جاتا ہے اور معدہ کے زخموں پر پلستر کی طرح ایک تہہ چڑھا دیتا ہے۔ یہ دوا اندرونی زخموں کے لیے اکسیر ہے یہ دوا جتنا باریک ہوگی اُتنا ہی اچھا کام کرے گی اس دوا کے ساتھ کھانے کے بعد السریں کھلائیں تو السر معدہ کے لیے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



لاجواب علاج ہے۔

## السرین

**ھوالشافی:**

ملٹھی ۱۰۰ گرام　کشنیز ۱۰۰ گرام
گوند کیکر ۱۰۰ گرام　رال سفید ۱۰۰ گرام
چینی ۱۰۰ گرام　تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۳ ماشہ تا ۵ ماشہ صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** یہ دوا معدہ اور انتڑیوں کے زخموں بالخصوص ہر قسم کے السر کے لیے مجرب ترین ہے۔ مریض کی کیفیت کو مدِنظر رکھتے ہوئے کھانے سے ایک گھنٹہ قبل یا بعد استعمال کروائیں۔

اس کے علاوہ ناف پڑنا اور اسہالوں کے لیے بھی یہ مجرب دوا ہے۔ تیزابیت معدہ اور سنگرہنی کے لیے بھی مجرب دوا ہے۔

## خارش سفوف

**ھوالشافی:**

گندھک آملہ سار ۱۰ تولہ　پارہ ایک تولہ

دونوں کی کجلی تیار کرلیں، بس تیار ہے۔

**طریقہ استعمال:** یہ دوا سرسوں کے تیل میں ملا کر خارش زدہ حصوں پر روزانہ رات کو اچھی طرح مالش کرلیجے اور صبح نہالیں۔ اگر خارش خشک ہو تو تیل میں مال کر لگائیں، خارش تر ہو تو ویسے ہی اوپر اچھی طرح لگالیں یا پھر معمولی تیل ملا کر تر خارش پر مل دیں۔ زیادہ تکلیف ہو تو دن میں ۲ بار بھی مالش کی جاسکتی ہے۔

**فوائد:** اس دوا کے بیرونی استعمال سے چار پانچ یوم میں خارش کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ اگر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اس کے ساتھ ہی کوئی خوردنی مُصفّی خون دوا کھلائی جائے تو زیادہ بہتر ہے۔

## اکسیرِ برص

**ھوالشافی:**

باپچی آدھا کلو
تخم پنواڑ آدھا کلو
گندھک آملہ آدھا کلو
سفوف بنالیں۔

**طریقہ استعمال:** ۳ ماشہ دوارات کو ایک گلاس پانی میں بھگو دیں صبح اِس کا آبِ زلال لے کر نہار منہ پلا دیا کریں اور تہہ نشین پھوک پھلبہری کے دانوں پر لگائیں اِس طریقہ سے ایک ماہ میں داغ ختم ہونا شروع ہو جاتے ہیں اور چند ماہ مسلسل استعمال کرنے میں برص کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ ادویات صاف ستھری اور عمدہ لیں زیادہ پرانی ادویات نہ لیں۔

## حَب جوزی

**ھوالشافی:**

تخم دھتورہ ۵۰ گرام
مرچ سیاہ ۵۰ گرام
ستاور ۵۰ گرام
ہلیلہ سیاہ ۵۰ گرام
گوند کیکر ۵۰ گرام

تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**خوراک:** ایک گولی صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پانی یا دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** جریان، احتلام، لیکوریا، اعصابی نزلہ اور جسمانی دردوں اور ہائی بلڈ پریشر کے لئے مجرب دوا ہے۔

## شوگرین (قهوه)

**ھوالشافی:**

گڑمار بوٹی عمدہ ۱۰۰ گرام
زیرہ سفید ۵۰ گرام
الائچی سبز ۲۵ گرام
سفوف بنالیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



**خوراک:** ۳ چمچ دوا ایک کلو پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح اتنا جوش دیں کہ پانی تین پاؤ رہ جائے تو پُن چھان لیں اور حسب ذائقہ نمک ملا کر دن میں تین بار خالی پیٹ پلا دیا کریں انشاءاللہ چند روز میں شوگر کنٹرول ہو جائے گی۔

## شوگر کنٹرول کیپسول

**ھوالشافی:** اندر جو تلخ آدھا پاؤ

سفوف بنا لیں اور خالی بڑے کیپسول بھر لیں۔

**خوراک:** ایک کیپسول روزانہ، اگر شوگر زیادہ ہو تو صبح و شام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** شوگر کنٹرول کرنے کے لیے بے حد مؤثر ہے اگر اس کے ساتھ شوگرین قہوہ بھی دیں تو بہت جلد شوگر نارمل ہو گی۔

## مُغلظ خاص

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| عقرقرحا، بیجبند | تخم سلیارہ |
| تخم ریحان | تخم لاجونتی |
| چھلکا اسپغول | سمندر سوکھ |

ہر ایک ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔

**خوراک:** ایک چمچ دوا دن میں تین بار خالی پیٹ دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** مُغلظ، مسکن اور ملین ہے۔ دافع تیزابیت منی ہے۔ جراثیم منویہ پیدا کرتا ہے۔۔ نوجوانوں کے اکثر امراض کے لیے لاجواب دوا ہے۔

## مُغلظ شاہی

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| ثعلب مصری ۵۰ گرام | ثعلب دانہ ۵۰ گرام |

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ثعلب پنجہ ۵۰ گرام
موصلی سفید ۵۰ گرام
بہمن سفید ۵۰ گرام
بہمن سرخ ۵۰ گرام

تمام ادویات برابر ہم وزن لے کر سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ نیم گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔

**فوائد:** مادہ منویہ کی حرارت کو ختم کر کے جراثیم منی بکثرت پیدا کرتا ہے۔ اور آدمی کو اولاد پیدا کرنے کے قابل بناتا ہے۔ رقت، سرعت کا خاتمہ ہو کر امساکِ طبعی پیدا ہو جاتا ہے۔

## اکسیر جگر کمبونی

**ھوالشافی:**

قلمی شورہ ایک پاؤ
نوشادر ایک پاؤ
جوکھار ایک پاؤ
ریوند چینی ایک پاؤ
سونف ایک پاؤ
زیرہ سفید ایک پاؤ

تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۳ تا ۶ ماشہ صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** یرقان، ہیپاٹائٹس اور تمام گرم امراض کے لیے بالخصوص ہاتھ پاؤں کی جلن پیشاب کی جلن وغیرہ کے لیے شربتِ بزروری کے ساتھ کھلانا بے حد مفید ہے۔

## چسٹینہ (دمہ دور)

**ھوالشافی:**

قسطِ شیریں عمدہ ایک کلو
ملٹھی + سفوف آدھا کلو
نمک مدار آدھا پاؤ
نمک تمباکو آدھا پاؤ
نمک پُھٹکنڈا آدھا پاؤ
نمک کپاس آدھا پاؤ

تمام ادویات کا سفوف بنا کر اچھی طرح مکس کر لیں۔

**خوراک:** ۳ ماشہ صبح دوپہر شام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد پانی کے ساتھ کھلائیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



**فوائد:** اس کے استعمال سے دَمہ اور دَمہ جیسی کیفیت الرجی وغیرہ سانس کی تنگی کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ اس دوا کو تین ماہ تک مسلسل استعمال کروائیں اور ساتھ شہد صبح وشام خالی پیٹ گرم پانی میں ملا کر استعمال کروائیں اس کے مسلسل استعمال سے دَمہ کو بفضلہٖ تعالیٰ شفاء ہو جاتی ہے نیز کھانسی کے لیے بھی بے حد مفید ہے۔

نوٹ: اگر نمک بانسہ مل جائے تو وہ بھی آدھا پائی ملا لیں اس سے اس نسخہ کے اثرات بہت زیادہ قوی ہو جاتے ہیں۔

## سنگ شِکن (پتھری توڑ)

**ھوالشافی:**

قلمی شورہ ۵۰ گرام
نوشادر ۵۰ گرام
جَوکھار ۵۰ گرام
لوٹا سجی ۵۰ گرام
میٹھا سوڈا ۵۰ گرام
ریوند چینی ۵۰ گرام
کشتہ سنگِ یہود ۵۰ گرام
تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۲ تا ۳ ماشہ صبح دوپہر شام کچی لسّی کے ساتھ دیں۔

**فوائد:** اِس سے گردہ و مثانہ کی پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو جاتی ہے۔

## اکسیرِ پتھری پتہ

**ھوالشافی:**

ریوند خطائی ۵۰ گرام
ریوند چینی ۵۰ گرام
میٹھا سوڈا ۵۰ گرام
سنگدانہ مرغ ۵۰ گرام
نوشادر ٹھیکری ۵۰ گرام
ریوند عصارہ ۱۰ گرام
سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۲ گرام صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**فوائد:** ایک ہفتہ میں افاقہ ہوگا۔ ایک ڈیڑھ ماہ کے مسلسل استعمال سے پتھری پتہ کا خاتمہ ہو

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



جائے گا۔

## حَب شفاء جدید (حَب بلڈ پریشر)

**ھوالشافی:**

خشخاش ۱۰۰ گرام
اجوائن خراسانی ۱۰۰ گرام
سورنجان شیریں ۱۰۰ گرام
چھوٹی چندن ۱۰۰ گرام

تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۶ رتی تا ایک ماشہ صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھائیں۔

**فوائد:** ہر قسم کے درد کو روکنے کے لیے بہت فائدہ مند ہے۔ پیشاب کی رکاوٹ، جلن اور دردِ گردہ کے لیے مجرب ترین دوا ہے۔

## حَب مقوی باہ

**ھوالشافی:**

زعفران اصلی ۱۰ گرام
کُچلہ مدبر ۱۰ گرام
جند بیدستر ۱۰ گرام
ست سلاجیت ۱۰ گرام
مغز جائفل ۱۰ گرام
عقرقرحا ۱۰ گرام
رائی ۱۰ گرام
کشتہ شنگرف
مالکنگنی بھلانوے والا ۱۰ گرام

تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور گولیاں بقدر مٹر کے دانے برابر بنالیں۔

**خوراک:** ایک گولی روزانہ رات کو سونے سے پہلے دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:** یہ گولیاں مردانہ قوت کے لیے لاجواب ہیں۔

اس کے علاوہ اعصابی کمزوری، جسمانی کمزوری، جسمانی دردوں کو اور لو بلڈ پریشر کے لیے بھی بے حد مفید ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## معجونِ مقوی باہ

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| عقرقرحا ۵۰ گرام | تخم پیاز ۵۰ گرام |
| تخم شلجم ۵۰ گرام | مکھاں ۲۵ گرام |
| فلفل سیاہ ۲۵ گرام | مغز جائفل ۲۵ گرام |
| خونجاں ۲۵ گرام | سونٹھ ۲۵ گرام |
| تخم حرمل ۲۰ گرام | مغز پستہ ۵۰ گرام |
| ناریل ۵۰ گرام | شہد خالص تین گنا ادویہ |

تمام ادویات کو باریک پیس کر شہد ملا کر معجون بنالیں۔

**خوراک:** ایک تولہ صبح وشام کھانے کے بعد یا پہلے دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** قوتِ باہ کے لیے لاجواب معجون ہے بے حد مقوی اور بے ضرر ہے یہ عورتوں اور مردوں دونوں کو کھلائی جا سکتی ہے۔

## حَبِ لاثانی

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| کوکنار ایک پاؤ | برگِ بھنگ یا تخمِ بھنگ ایک پاؤ |
| تخم حرمل ایک پاؤ | سورنجاں شیریں ۵۰ گرام |
| سوڈا ایلی سلاس ۵۰ گرام | میٹھا سوڈا ۵۰ گرام |
| کشتہ شنگرف آدھا گرام | لونگ ۱۲ گرام |
| جادتری ۱۲ گرام | ریگ ماہی ۱۲ گرام |
| خراطین ۱۲ گرام | گوگل ۵۰ گرام |
| گڑ ایک پاؤ | |

تمام ادویات کو باریک پیس کر سفوف بنالیں اور گڑ کی چاشنی تیار کر کے ملا کر حب بقدر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



نخوذ کا بل بنالیں۔

**خوراک:** ایک گولی صبح وشام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:** ہر قسم کے دردوں کو دور کرنے، اعصاب کو طاقت دینے، مردانہ قوت کو بحال کرنے تھکاوٹ دور کرنے اور وقتِ خاص سے دو گھنٹے قبل ہمراہ دودھ استعمال کرنے سے امساک پیدا کرتی ہیں یہ نسخہ دردوں کے لیے بے حد مفید ہے۔

## دردِ شکن کیپسول

**ھوالشافی:**

سورنجاں شیریں ۵۰ گرام — تخم جوز ماثل ۵۰ گرام
اجوائن خراسانی ۵۰ گرام — سوڈا سلی سلاس ۵۰ گرام

سفوف بنالیں اور کیپسول بھرلیں۔

**خوراک:** ایک کیپسول صبح وشام کھانے کے بعد پانی یا دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** دردِ ریح، جوڑوں کے درد اور تمام جسمانی دردوں کے لیے فوری اثر دوا ہے۔

## قبض کشا گولیاں

**ھوالشافی:**

چھلکا ہلیلہ زرد اڑھائی کلو — جمالگوٹہ ۵۰ گرام

دونوں کو باریک پیس کر کابلی چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**خوراک:** ایک تا ۲ گولی قبض کشا اثرات رکھتی ہے اور ۳ گولیاں مُسہل ہیں۔ رات کو سوتے وقت پانی کے ساتھ کھلائیں۔ اگر ان کے استعمال سے اسہال زیادہ آئیں تو چینی کا شربت بنا کر پلادیں یا دودھ میٹھا کر کے پلادیں، اسہال بند ہو جائیں گے۔

## رسکپور اکسیری

**ھوالشافی:**

نمک خوردنی ۵ کلو — گندھک آملہ سار آدھا کلو

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



رسکپور ڈلیاں ۱۰۰ گرام

پانچ کلو گھی والا ڈبہ لے کر اِس میں اڑھائی کلو نمک ڈالیں اور اوپر ایک پاؤ گندھک باریک شدہ رکھ کر اوپر رسکپور کی ڈلیاں رکھ لیں اور اوپر باقی ماندہ گندھک رکھ دیں اور دبا دیں۔ پھر باقی نمک اس کے اوپر ڈال دیں اور اچھی طرح دبا دی۔ اس کو چولہے پر رکھ کر اس کے نیچے بارہ گھنٹے آگ جلائیں پہلے نرم آگ دیں پھر تیز کر دیں جب نمک پر دانہ گندم بھن جائے تو آگ بند کر دیں اور ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں۔ رسکپور یاقوتی رنگ کا سیاہی مائل نکلے گا اس کو نکال کر باریک مانند غبار کر لیں اور عرقِ گلاب ڈال کر صلایہ بنا لیں۔ جتنا عرقِ گلاب کھرل لیں اُتنا ہی اچھا ہے کم از کم ایک بوتل عرق گلاب جذب کروا دیں۔

**خوراک:** ایک تا ۲ چاول دِن میں دو تین بار کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** یہ دوا کینسر، کوڑھ، ناسور، سوزاک، آتشک اور جلدی امراض چنبل، دھدر اور خرابی خون کے لیے لاجواب ہے۔ امراضِ خبیثہ کے لیے اِس کی مقدار زیادہ کھلائی جا سکتی ہے۔

نوٹ: یہ دوا صرف طبیب حضرات ہی استعمال کروائیں۔

## صلایہ رسکپور

**ھوالشافی:**

رسکپور ایک تولہ — گندھک آملہ سار ۱۰ تولہ

پہلے رسکپور کی خوب باریک پیس لیں اور پھر تھوڑی تھوڑی گندھک آملہ سار ملا کر خوب کھرل کر لیں اور چھ گھنٹے تک کھرل کرتے رہیں بس تیار ہے۔

**خوراک:** ۲ تا ۴ رتی دِن میں ایک دو بار دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** یہ دوا تمام جلدی امراض خارش خشک و تر پھوڑے پھنسیاں چنبل وغیرہ اور خرابی خون کے لیے موثر دوا ہے بواسیر خونی و بادی کے لیے مجرب ترین دوا ہے۔ بواسیر خونی و بادی کے لیے ۴ رتی صبح و شام کھانے کے بعد دیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


## حَب کیمیائی بدن

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| میٹھا تیلیہ مدبر ۲ تولہ | شنگرف مدبر ۲ تولہ |
| کچلہ مدبر ۲ تولہ | عقرقرحا ۲ تولہ |
| ملکھاں ۲ تولہ | مرچ سیاہ ۲ تولہ |
| جدوار خطائی ۲ تولہ | چترا ۲ تولہ |
| زعفران ایک تولہ | کشتہ بارہ سنگھا ۱۰ تولہ |
| گوند کیکر ۵ تولہ | سونٹھ آدھا تولہ |

تمام ادویات کو باریک پیس لیں اور سفوف بنا کر گولیاں چنے برابر بنا لیں۔

**خوراک:** ایک تا ۲ گولی دِن میں تین بار کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** وجع المفاصل، نقرس، وجع الورک، کمزوری بدن جسمانی دردیں، تھکن، درد اعضاء، ضعفِ باہ، رعشہ، دماغی و اعصابی امراض، نزلہ زکام، پرانا بخار، نمونیہ، کھانسی نئی و پرانی، بلغم کی زیادتی، کمزوری معدہ و جگر، بدہضمی، خرابی ہضم، خرابی امعار، عظم طحال، قلتِ بھوک، گولہ شکم، خنازیر، احتلام پرانا، جریانِ منی اور جسمانی کمزوری، اکثر بیمار رہنا، درد کمر اور گنٹھیا کے لیے مفید دوا ہے۔

## حَب زعفران

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| زعفران ایک تولہ | جند بیدستر ایک تولہ |
| کچلہ مدبر ایک تولہ | کشتہ شنگرف ایک تولہ |
| جدوارِ خطائی ایک تولہ | عود صلیب ایک تولہ |
| عقرقرحا ایک تولہ | لونگ ایک تولہ |
| مغز جائفل ایک تولہ | جاوتری ایک تولہ |

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


گوگل عمدہ ۵ تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنا کر گوگل ملا کر خوب کوٹیں اور حب بقدر نخود کا بلی بنالیں۔

**خوراک:** ایک گولی صبح دوپہر شام یا ۲ گولی صبح و شام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** تمام اعصابی امراض، فالج، لقوہ، کمزوری، پولیو، مرگی، اعصابی درد، گنٹھیا، کمزوری بدن، نامردی، عرق النساء، لو بلڈ پریشر، نزلہ زکام، کثرت پیشاب یا سردی کی وجہ سے پیشاب کی بندش، حیض اور تمام ریاحی دردوں کے لیے مفید ہے۔ اگر سردی کی وجہ سے جوڑ پتھرا گئے ہوں تو بھی یہ دوا مفید ہے۔

## سفوفِ مراد

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| تالمکھانہ ایک تولہ | بیج بند ایک تولہ |
| تخم اٹنگن ایک تولہ | ثعلب مصری ۲ تولہ |
| شقاقل مصری ۲ تولہ | موصلی سفید ۲ تولہ |
| موصلی سیاہ ۲ تولہ | پھول مکھانہ ۴ تولہ |
| سنگھاڑا ۴ تولہ | کمر کس ۶ تولہ |
| چینی ہموزن ادویہ | تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔ |

**خوراک:** ۶ ماشہ تا ایک تولہ صبح و شام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** خزانۂ منی کو پر کرتا ہے۔ جراثیم منی پیدا کرتا ہے۔ مردانہ بانجھ پن اور رِقت اور سُرعت کے لیے موثر ہے۔

## مصفٰی خاص سفوف

**ھوالشافی:**

گندھک آملہ سار مُصفّٰی ۵ تولہ　　برگِ نیم ۲ تولہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



نگند بابری ۲ تولہ

مرچ سیاہ ایک تولہ

الائچی سبز ایک تولہ

مُصطگی رومی ایک تولہ

دانہ الائچی کلاں ایک تولہ

مصری کوزہ ایک تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک**: ۶ رتی تا ایک ماشہ دِن میں تین بار پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد**: مُصفیٰ خون ادویات کی سرتاج دوا ہے۔ پھوڑے پھنسیاں، خارش، بواسیر خونی و بادی کے لیے مجرب ترین دوا ہے۔

## مَرہم جادو

**هوالشافی**:

کتھ ایک تولہ

کمیلہ ایک تولہ

رال سفید ایک تولہ

مُردہ سنگ ایک تولہ

سندھور ایک تولہ

موم دیسی ۳ تولہ

دیسی گھی ۱۰ تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور پھر ایک لوہے کی کڑچھی میں دیسی گھی پگھلا کر اُس میں موم ڈال دیں جب موم پگھل جائے تو اُس میں دوسری باریک پسی ہوئی ادویات ڈال کر کسی لکڑی وغیرہ سے ہلاتے جائیں جب سیاہی مائل ہو جائے تو نیچے اُتار لیں۔ بس تیار ہے۔

**فوائد**: ہر قسم کے پرانے سے پرانے زخموں اور ناسور اور پھوڑے پھنسیوں کے لیے مجرب ترین مرہم ہے اس کے استعمال سے بڑے بڑے زخم چند دنوں میں بھر جاتے ہیں۔ پرانے زخموں کو اچھی طرح صاف کر کے اس دوا کی پٹی کریں بہت جلد زخم بھرتا ہے۔

اگر دیسی گھی نہ مل سکے تو یہ مرہم ڈالڈے گھی میں بھی تیار ہو سکتی ہے لیکن اگر گائے کا گھی مل جائے تو وہ سب سے بہتر ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## مرہم سیاہ خاص

**ھوالشافی:**

نیلا تھوتھا ۳ تولہ سندھور ۹ تولہ

میٹھا تیل ۲۷ تولہ

تینوں ادویات کو ایک گھی کے ڈبے میں ڈال کر چولہے پر چڑھائیں اور نیچے آگ جلائیں جب مرہم کا رنگ سیاہ ہو جائے تو اِس کو چیک کر لیں کہ تار بن رہی ہے کہ نہیں اِس کے لیے ماچس کی تیلی کے ساتھ تھوڑی سی مرہم لگا کر دیکھ لیں۔ جب تار بن جائے تو مرہم کو ٹھنڈا کر کے رکھ لیں۔

**فوائد:** یہ اکسیر الاثر مرہم ہے جو کہ ہر قسم کے پھوڑے، ناسور، بھگندر اور پاؤں کے ناخن بڑھنا، کینسر بالخصوص چھاتیوں کے کینسر اور لا علاج زخموں کے لیے مجرب ترین ہے۔ کپڑے پر لگا کر زخم پر لگا دیں۔

## شبابی خاص کیپسول

**ھوالشافی:**

عقر قرحا ۵۰ گرام جلوتری ۵۰ گرام

مغز جائفل ۵۰ گرام لونگ ۵۰ گرام

تخم بھنگ ۵۰ گرام کچلہ مدبر ۵۰ گرام

تمام ادویات کا سفوف بنا لیں اور بڑے کیپسول بھر لیں۔

**خوراک:** ایک تا ۲ کیپسول صبح و شام کھانے کے بعد اگر زیادہ کمزوری ہو تو دِن میں تین بار بھی کھلا سکتے ہیں ساتھ دودھ کا استعمال زیادہ کروائیں۔

**فوائد:** مردانہ امراض، ضعفِ باہ اور سرعت انزال کے لیے مجرب دوا ہے۔ یہ نسخہ بالخصوص ادھیڑ عمر اور بوڑھے افراد کے لیے مفید ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اگر یہ نسخہ نوجوانوں کو استعمال کروانا ہو تو پھر اِس میں سے کُچلہ مدبر نکال دیں۔ اور ۲۵ سال سے زیادہ عمر کے مریضوں کو کھلانا ہو تو پھر کُچلہ مدبر نصف وزن شامل کرلیں۔

## تریاقِ سوکڑا

**ھوالشافی:**

طباشیرِ نقرہ ۵۰ گرام — چونا بُجھا ہوا ۵۰ گرام

گلیکوز ڈی ۵۰ گرام — سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ایک تا ۲ رتی دِن میں تین بار بچے کو اگر ایک گرائپ واٹر یا کسی عرق میں حل کر کے پلادیا کریں۔

**فوائد:** سوکڑا، سوکھا پن اور اس کی وجہ سے ہونے والے دوسرے عوارضات مثلاً اسہال قے، بخار وغیرہ کا مکمل خاتمہ ہو کر بچے کو صحت ہو جاتی ہے۔

## سُپر مقوی باہ گولیاں

**ھوالشافی:**

کُچلہ مدبر ۲ تولہ — زعفران ۲ تولہ

کشتہ شنگرف ایک تولہ۔

تینوں ادویات کو نہایت باریک پیس کر عرقِ عنبر کے ساتھ کھرل کرلیں اور مرچِ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں اور اوپر ورقِ نقرہ چڑھالیں۔

**خوراک:** ایک گولی صبح و شام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:** مَردانہ قوت خوب پیدا کرتی ہے۔ ضعفِ باہ، نامردی، جسمانی کمزوری، اعصابی کمزوری، وغیرہ کے لیے لاجواب دوا ہے۔

## حَبِ زعفرانی

**ھوالشافی:**

زعفران ایک تولہ — کشتہ شنگرف ۲ تولہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


کچلہ مدبر ۲ تولہ — عقرقرحا ۲ تولہ
جاوتری ۲ تولہ — لونگ ۲ تولہ

تمام ادویات کو باریک پیس لیں اور حب بقدر نخودی بنالیں۔

**خوراک:** ایک گولی صبح وشام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** مردانہ قوت پیدا کرتی ہے۔ اعصابی کمزوری، جسمانی کمزوری، لو بلڈ پریشر وغیرہ کے لیے موثر دوا ہے۔

## حب گردہ

**ھوالشافی:**

ازراقی مدبر ۲۰ گرام — مُعمر ۲۰ گرام
سورنجاں تلخ ۲۰ گرام — تربد مجوف ۲۰ گرام
قرنفل ۲۰ گرام

تمام ادویات کا سفوف بنا کر چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**خوراک:** ایک تا ۲ گولی صبح دوپہر شام اور درد کی شدت میں ہر پندرہ منٹ کے وقفہ سے کھلائیں۔ انشاء اللہ فوری افاقہ ہوگا۔

دو تین ہفتہ تک کھلائیں تو دردِ گردہ کا مُستقل خاتمہ ہو جاتا ہے۔

**فوائد:** دردِ گردہ ریاحی اور جوڑوں کے دردوں اور جسمانی دردوں کے لیے بھی مجرب دوا ہے۔

## پیشاب آور

**ھوالشافی:**

قلمی شورہ ۱۰ تولہ — پھٹکوی سفید ۵ تولہ
سُہاگہ ۵ تولہ

تینوں ادویات کا پانی خشک ہو جائے تو نیچے اُتار لیں اور باریک پیس لیں۔ تیار ہے۔

**خوراک:** ایک تا ۳ ماشہ دِن میں دو تین بار پانی کے ساتھ یا کچی لسی کے ساتھ کھانے کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بعد کھلائیں۔

**فوائد**: انتہائی پیشاب آور ہے۔ تنگی پیشاب، جلن، درد سوزاک اور پیشاب کی بندش وغیرہ کا فوری خاتمہ کرتا ہے۔

## پتھری گردہ مثانہ کے لیے

**ھوالشافی**:

سفوف گوکھرو ۲ ماشہ

پیشاب آور ایک ماشہ

کشتہ حجرالیھوز آدھا ماشہ

تینوں کو ملا کر ایک خوراک بنالیں ایسی تین خوراک روزانہ مریضوں کو کھانے کے ایک گھنٹہ بعد کھلائیں اور ساتھ پانی یا کچی لسی کا استعمال زیادہ کروائیں۔ چھوٹی چھوٹی پتھریاں اور ریگ تو صرف ایک یوم میں ہی اِس دوا سے خارج ہونا شروع ہو جاتی ہیں اور بڑی پتھریاں بھی ٹوٹ ٹوٹ کر خارج ہوجاتی ہیں۔

## زعفران پلس کیپسول

**ھوالشافی**:

تخمِ حرمل ۵۰ گرام لونگ ۵۰ گرام

زعفران ۵ گرام

تینوں ادویات کو باریک پیس کر کسی چینی کے برتن میں ڈال دیں اور اوپر آبِ پیاز آدھا کلو ڈال دیں۔ جب آبِ پیاز خشک ہو جائے تو پھر سفوف بنا کر خالی بڑے کیپسول بھر لیں۔

**خوراک**: ایک کیپسول صبح و شام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد**: جسمانی کمزوری، جنسی کمزوری، اعصابی دردوں کے لیے مجرب ترین دوا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


## فیور کیور یونانی

**ھوالشافی:**

ہڑتال ورقیہ ایک تولہ — گندھک آملہ سار ۳ تولہ

تینوں ادویات کو کھرل میں ڈال کر اتنا کھرل کر لیں کہ دوا مانندِ سُرمہ ہو جائے۔

**خوراک:** ۲ رتی تا ۴ رتی تک حسب عمر صبح و شام نیم گرم دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** بلغمی بخار، ٹائیفائیڈ، سردی کے بخار، پُرانے بخار، تپ دق کے بخار کے لیے مجرب ترین دوا ہے صِرف سات پُڑیوں سے سال تک کے بخار ختم ہو جاتے ہیں۔

## ٹھنڈک آسان

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| گُل گاؤزبان آدھا پاؤ | گُل نیلوفر آدھا پاؤ |
| تخم کاسنی آدھا پاؤ | تخم کاہو آدھا پاؤ |
| تخم ریحان آدھا پاؤ | زرشک شیریں آدھا پاؤ |
| الائچی سبز آدھا پاؤ | مصری کوزہ آدھا کلو |

تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۳ تا ۶ ماشہ دِن میں تین خوراک نہار منہ ہمراہ کچی لسی اِس دوا کے ساتھ پھٹکڑی سفید بریاں آٹھ دن کی دوا میں ملا کر دینے سے صِرف ۲ ہفتہ میں جگر کے افعال درست ہو جاتے ہیں نیز یہ نُسخہ تمام صفرادی امراض کے لیے بے مثال تاثیر رکھتا ہے۔

دورانِ استعمال دوا گرم اشیاء سے مکمل پرہیز کروائیں۔

## اکسیرِ ہیپا ٹانٹس

**ھوالشافی:**

پھٹکڑی سفید ایک پاؤ — بکری کا دودھ ایک کلو

دونوں کو ملا کر کھویا بنالیں اور خشک کر کے سفوف بنالیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



**خوراک:** ایک تا ۳ ماشہ صبح و شام خالی پیٹ لسی کے ساتھ یا پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** عام یرقان انشاء اللہ ۳ یوم میں ختم ہوگا اور ہیپا ٹائٹس کے لیے دو ہفتہ میں جگر کی کارکردگی کے ٹیسٹ نارمل ہونا شروع ہو جائیں گے۔ صاحب نسخہ کے بقول اُس نسخہ سے وائرس کا بھی خاتمہ ہو جاتا ہے لیکن میرا تجربہ نہیں۔

## اکسیرِ طحال

**ھوالشافی:**

سہاگہ سفید بریاں ایک تولہ — رائی عمدہ اصلی ۳ تولہ

دونوں کا سفوف بنا کر رکھ لیں۔

**خوراک:** ۳ ماشہ صبح و شام کھانے کے بعد پانی سے کھلائیں۔

**فوائد:** طحال بے شک جتنی مرضی بڑھ گئی ہو چند روز میں عظم صلابت، درد سب کچھ ٹھیک ہو جاتا ہے۔ دوا مکمل ایک ماہ تک کھلائیں۔

**نوٹ:** رائی اصلی لیں۔ اصلی رائی کو کڑوی سرسوں بھی کہتے ہیں بازار میں آج کل جو رائی مل رہی ہے یہ اصلی نہیں ہوتی یہ میٹھی سرسوں ہے جو کہ صحیح کام نہیں کرتی۔ اصلی رائی کا دانہ بہت چھوٹا ہوتا ہے اور ذائقہ چرپرا اور تیز ہوتا ہے۔ اگر رائی اصلی نہ ملے گی تو دوا موثر نہیں بنے گی۔

## یاقوتی خاص

**ھوالشافی:**

آملہ خشک ایک کلو — کشتہ یاقوت آدھا تولہ

آملہ کو باریک پیس کر اِس میں کشتہ یاقوت شامل کرلیں اور باریک پیس لیں۔

**خوراک:** ۲ تا ۳ ماشہ دِن میں تین بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** جریان، احتلام، چکر آنا، درد فم معدہ قے، اپھارہ، پیچش، گرمی اور دِل کے والو بند

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


ہونا کے لیے نہایت مفید دوا ہے۔

## اکسیرِ قلب یونانی

**ھوالشافی**: ارجن کے درخت کا تازہ چھلکا حاصل کر کے اُس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے خشک کر لیں اور پھر باریک پیس لیں اور میدہ والی چھاننی سے چھان لیں بس تیار ہے۔

**خوراک**: ایک تا ۶ ماشہ دِن میں تین بار کھانے سے پہلے یا ایک گھنٹہ بعد پانی کے ساتھ کھائیں یا اِس دوا کا قہوہ بنا کر مریض کو پلائیں۔

**فوائد**: دِل کی دھڑکن کی زیادتی، دِل کی کمزوری، ہائی بلڈ پریشر، بے چینی اور امراضِ قلب، دِل کے والو اور شریانیں بند ہونا وغیرہ کے لیے مجرب دوا ہے۔

## اکسیرِ مذی

**ھوالشافی**:

کشنیز سبز ایک کلو — گئو دنتی عمدہ ایک پاؤ

کشنیز کا نُغدہ بنا کر اُس کے درمیان گئو دنتی رکھ کر مٹی کی ہانڈی میں بند کر کے گلِ حکمت کر کے ۱۰ کلو اوپلوں کی آنچ دے لیں کُشتہ ہوگا۔ یہ کُشتہ نکال لیں۔ اب پھٹکڑی سفید ۵ تولہ اِس دابو میں رکھ کر تین کلو اوپلوں کی آگ دیں اور ٹھنڈا ہونے پر پھٹکڑی نکال کر پیس لیں۔

**خوراک**: ۴ رتی تا ایک ماشہ صبح و شام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد**: انشاءاللہ مذی اِس دوا کی تیسری خوراک سے بند ہو جاتی ہے۔ اِس دوا کو مسلسل ۲ ہفتہ تا ایک ماہ تک استعمال کروائیں۔

## اکسیرِ صداع

**ھوالشافی**:

دارچینی ایک تولہ — جدوار خطائی ۲ تولہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اسطخو دوس ۵ تولہ　　چینی ۵ تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ایک تا ۳ ماشہ دِن میں تین بار پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** دردِ سر کی جملہ اقسام میں مُفید ہے۔ مقوی دماغ، دافع نزلہ وزکام ہے۔

## طلایہ شنگرف

**ھوالشافی:**

شنگرف رومی ایک تولہ　　گندھک آملہ سار ۲ تولہ

دونوں کو ملا کر چھ گھنٹہ کھرل کرلیں۔ تیار ہے۔

**خوراک:** ۲ رتی نیم گرم دودھ کے ساتھ مریض کو رات کو کھلائیں۔ اگر کمزوری زیادہ ہو تو صبح و شام بھی کھلا سکتے ہیں۔

**فوائد:** یہ مردانہ طاقت اور فالج کے لیے بے مثال دوا ہے اگر اس کے ساتھ جوارش جالینوس بھی مریض کو کھلائی جائے تو پھر بے حد تیز اثرات مُرتب ہوتے ہیں۔

## هاضم نمبر 5 جدید

**ھوالشافی:**

سونٹھ ایک تولہ　　مرچ سیاہ ایک تولہ

فلفل دراز ایک تولہ　　نوشادر ٹھیکری ایک تولہ

پودینہ ۲ تولہ　　گندھک آملہ سار ۴ تولہ

میٹھا سوڈا ۱۴ تولہ　　سونف ۴ تولہ

ریوند خطائی ۴ تولہ　　الائچی خورد ۵ تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ایک تا ۳ ماشہ دِن میں تین بار پانی کے ساتھ کھلائیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


**فوائد:** ترش ڈکاریں، تیزابیت معدہ، گیس ٹربل، بدہضمی، پیٹ درد، بھوک کی کمی، قبض، احتلام، ضعف معدہ وجگر کے لیے اکسیر ہے۔ یہ ہاضم ہائی بلڈ پریشر کے مریض بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر اِس ہاضم کو لو بلڈ پریشر کے مریضوں کو استعمال کروانا ہو تو الا یچی خورد کی جگہ کھانے والا نمک ملا لیں تو ایسے مریضوں کے لیے لاجواب ہاضم بن جائے گا۔

## گرمی توڑ

**ھوالشافی:**

گوند کتیرا ۱۰۰ گرام — تخم ریحان ۱۰۰ گرام

تخم بالنگو ۱۰۰ گرام — چھلکا اسپغول ۱۰۰ گرام

چاروں ادویات کو باریک پیس لیں تیار ہے۔

**خوراک:** ایک بڑا چمچ روزانہ رات کو ایک گلاس پانی میں بھگو دیں صبح اِس میں چینی یا شربت صندل وغیرہ ملا کر تھوڑا سا پانی اور ملا کر شربت بنا لیں اور صبح نہار مُنہ پی لیا کریں۔ اگر گرمی زیادہ ہو تو اِس طرح صبح بھگو دیں اور شام کو پلا دیا کریں۔

**فوائد:** یہ دوا تمام صفرادی امراض کے لیے لاجواب دوا ہے بالخصوص ہاتھ پاؤں کی جلن، سُرعت انزال، احتلام، یرقان، معدہ وانتڑیوں کے غدی امراض پیچش وغیرہ خونی بواسیر کے لیے بھی لاجواب دوا ہے۔ یہ ملین بھی ہے اور مسکن بھی ہے۔ موسم گرما میں تو غدی سوزش کے مریضوں کو ضرور استعمال کروانا چاہیے۔

## جگرین

**ھوالشافی:**

نوشادر ۴ تولہ — تخمِ کاسنی ۴ تولہ

سونٹھ ۴ تولہ — ریوند چینی ۴ تولہ

سناء کی مُصفی ۴ تولہ — سہاگہ ۲ تولہ

فلفل دراز ۲ تولہ — ملٹھی ۲ تولہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ    گندھک آملہ سار ۲ تولہ
قلمی شورہ ۲ تولہ    تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۳ ماشہ صبح وشام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** یہ سفوف جگر اور معدہ کی کمزوریوں اور نقائص کو دور کر کے بے شمار امراض کا خاتمہ کرتا ہے۔ کمی بھوک، تبخیرِ معدہ، خرابی ہضم، درد جگر، ورمِ جگر، ضعفِ معدہ کے لیے لاجواب دوا ہے۔ دائمی قبض اس دوا کے مسلسل استعمال سے ختم ہو جاتی ہے۔

## تریاقِ کینسر

**ھوالشافی:** دھماسہ بوٹی عمدہ ایک پاؤ لے کر باریک پیس لیں اور ایک پاؤ کی آٹھ خوراکیں بنالیں۔

**طریقہ استعمال** :ایک خوراک کو روزانہ رات کو ایک کلو پانی میں بھگو دیں صبح اتنا جوش دیں کہ پانی تین پاؤ رہ جائے۔ تو پھر مل چھان کر پُن لیں اور اِس پانی میں ۶ بڑے چمچ ملا لیں اور اِس دوا کی تین خوراک کر لیں۔

ایک خوراک صبح خالی پیٹ، ایک خوراک بارہ بجے، ایک خوراک شام کو خالی پیٹ پلا دیا کریں اور ایک گھنٹہ بعد کھانا کھلا دیا کریں۔

مرض کی مناسبت سے مریض کی حالت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اِس نسخہ کے ساتھ دوسری ادویات بھی تجویز کریں یہ مرض ایک ماہ میں ختم ہو جاتا ہے۔ درمیانے درجے کے مریض بھی شفایاب ہو جاتے ہیں۔ آخری درجے کے مریضوں کو فائدہ ضرور ہوتا ہے مگر وہ مکمل شفایاب کم ہی ہو پاتے ہیں عورتوں کی چھاتیوں کی گلٹیوں اور کینسر کے لیے تو یہ نُسخہ بے حد مفید ہے اِس کے استعمال سے کینسر میں ہونے والے درد اور جلن کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ کینسر کے مریضوں کو متاثرہ جگہ پر درد اور جلن ناقابلِ برداشت ہوتی ہے اِس دوا سے خارش اور جلن پہلے ختم ہوگی پھر درد بھی ختم ہو جائے گا۔ اگر کینسر زخم کی شکل اختیار کر گیا ہو تو پھر ایسے مریضوں کو برگ مہندی تازہ لے کر کوٹ کر اُن کا لیپ کینسر کے زخموں پر کروائیں تو زیادہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


بہتر ہے یہ ہمارا عام کینسر کے مریضوں کے زخموں پر معمول ہے۔

## عرقِ ہیپاٹائٹس B اور C

**ھوالشافی:** برگ نیم تازہ ایک کلو پانی ۴ کلو۔
۴ بوتل عرق کشید کرلیں۔ اور ہر بوتل میں آدھا پاؤ شہد ملالیں۔

**خوراک:** آدھا کپ صبح وشام خالی پیٹ مریض کو پلا دیا کریں۔

**فوائد:** یہ دوا جگر کے افعال کو درست کرتی ہے وائرس کا خاتمہ کرتی ہے اور جگر کی سوزش کے لیے موثر ہے۔ بالخصوص ایک ماہ میں جگر کی کارکردگی کے ٹیسٹ نارمل کر دیتی ہے۔ اور سہل الخوراک ہے۔

اس کے دورانِ استعمال مریض کو ہر قسم کی گرم اشیاء سے مکمل پرہیز کروائیں۔

## عرقِ ہیپاٹائٹس و کینسر جگر کے لیے

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| برگ نیم تازہ آدھا کلو | دھماسہ تازہ آدھا کلو |
| خشک ایک پاؤ | پانی ۵ کلو |

۴ بوتل عرق کشید کرلیں اور ہر بوتل میں آدھا پاؤ شہد ملالیں۔

**خوراک:** آدھا کپ صبح وشام خالی پیٹ مریں کو پلا دیں۔

**فوائد:** یہ دوا ہیپاٹائٹس اور کینسر دونوں کے لیے میری مجرب دوا ہے بالخصوص جگر کے کینسر کے لیے بے حد مفید ہے۔ جگر کے علاوہ جسم کے دوسرے حصّوں کے کینسر کے لیے بھی لاجواب ہے اگر مرض زیادہ ہو تو دِن میں تین بار بھی استعمال کروا سکتے ہیں۔ نیز اِس کے ساتھ میں دوالمسک معتدل جواہر دار یا جواہر مہرہ بھی مریض کی جسمانی کمزوری کو مدِ نظر رکھ کر ضرور استعمال کرواتا ہوں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## سفوفِ خاص الخاص

**ھوالشافی**:

قسطِ شیریں ۲ کلو کلونجی آدھا پاؤ

دونوں کو باریک پیس لیں۔

**خوراک**: ایک چمچ دوا صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**فوائد**: یہ دوا بے بہا فوائد کی حامل ہے۔ٹی۔بی، ٹانسلو، اعصابی کمزوری، جسمانی کمزوری اور کینسر، ہیپاٹائٹس کے ایسے مریض جن کو ٹھنڈی ادویات موافق نہ آتی ہوں اُن کے لیے یہ دوا مجرب ہے۔

اگر کسی مریض کی مَرض سمجھ نہ آئے اور نہ ہی مریض کو ٹھنڈی اشیاو اغذیہ موافق آئیں اور نہ ہی گرم اشیا و اغذیہ موافق آئیں تو ایسے مریضوں کے لیے یہ دوا بے حد موثر ہے۔ جوڑوں کے درد اور پُرانے بخار ٹائیفائیڈ اور کمزوری کے لیے موثر ترین دوا ہے۔ ٹانسلز کی 100% کامیاب دوا ہے اگر اس کے ساتھ مریض کو ۲ چمچ شہد صبح و شام ایک کپ پانی میں ملا کر پلایا جائے تو بے حد مفید رہتا ہے۔

## سوسی

**ھوالشافی**: ملٹھی عمدہ لے کر باریک پیس لیں۔

**خوراک**: ایک ماشہ تا ۵ ماشہ تک تین بار روزانہ دیں۔

**فوائد**: تازہ پانی کے ساتھ یا کسی ٹھنڈے شربت کے ساتھ کھلانے سے خون کسی بھی جسم کے حصّہ سے آرہا ہو بند کر دیتی ہے۔

بالخصوص معدہ و جگر کے لیے لاجواب دوا ہے سینہ کو نرم کرتی ہے غذا کی نالی اور معدہ کی جلن اور سوزش اور زخموں کے لیے موثر ہے ہیپاٹائٹس کے لیے لاجواب دوا ہے۔

کمی حیض اور بندش حیض کے لیے گُڑ اور اجوائن کے قہوہ کے ساتھ ۳ تا ۵ ماشہ دِن میں تین بار دینے سے خون حیض مکمل طور پر کُھل کر آجاتا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## امرو سیاء (پتھری توڑ)

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| قلمی شورہ ۲۰ تولہ | سہاگہ سفید ۱۰ تولہ |
| جوکھار ۱۰ تولہ | نوشادر ٹھیکری ۱۰ تولہ |
| سنگِ یہود ۱۰ تولہ | بھلانوے ۱۰ تولہ |

نوشادر، سہاگہ، جوکھار کو الگ الگ باریک پیس لیں۔ سنگِ یہود کو اتنا باریک پیس لیں کہ رڑک نہ رہے۔ سب سے پہلے قلمی شورہ کو لوہے کی اک کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں آگ درمیانی رکھیں۔ قلمی شورہ پگھل جانے پر پسی ہوئی ادویات تھوڑی تھوڑی ڈالتے جائیں اور کسی سخت لکڑی سے ہلاتے جائیں جب ذرا گاڑھی لئی سی بن جائے تو تھوڑا تھوڑا سنگ یہود ملا کر ہلاتے جائیں جب تمام دوائیں خشک ہو جائیں تو آگ سے نیچے اُتار کر باریک پیس لیں اِس دوا کے دو حصّے کر لیں ایک حصّہ دوا کا ڈال کر اچھی طرح دبا دیں۔ اور کڑاہی کے نیچے تیز آگ جلائیں۔ آگ کسی محفوظ جگہ پر ہوا کا رُخ دیکھ کر جلائیں خیال رہے کہ اِس کا دھواں بدن اور آنکھوں کو نہ لگنے پائے دور کھڑے ہو کر دیکھتے رہیں جب سب کچھ جل جائے اور آگ ٹھنڈی ہو جائے اور دھواں نکلنا بالکل بند ہو جائے تو احتیاط سے تمام دا ابو سمیت نکال لیں اور باریک پیس کر رکھ لیں۔

**خوراک:** ۲ رتی تا ۴ رتی تک دِن میں تین بار کھلائیں کھانے کے بعد پانی کے ساتھ یا قہوہ کلتھی کے ساتھ کھلائیں یا سنگ شکن یونانی یا ہاضم نمبر 1 کے ساتھ ملا کر کھلائیں خربوزہ کا موسم ہو تو ساتھ خربوزہ کا استعمال زیادہ کروائیں۔

**فوائد:** پتھری گُردہ و مثانہ کے لیے لاجواب ہے اکسیر ہے پتھری کو توڑ کر خارج کر دیتا ہے۔ پتھری گُردہ و مثانہ کے لیے اِس کے ساتھ دوسری ادویات بھی ملا کر استعمال کروائی جا سکتی ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## سنگ شکن یونانی

**ھوالشافی:** بھکڑا (گوکھرو)، جسب ضرورت لے کر باریک پیس کر رکھ لیں۔

**خوراک:** ۲ تا ۳ ماشہ صبح دوپہر شام کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ کھلائیں۔ پانی زیادہ پلائیں۔

**فوائد:** پتھری گردہ و مثانہ کو خارج کرنے کے لیے مجرب ہے۔ اِس کے ساتھ اگر کشتہ حجرالیہود اور قہوہ کلتھی دیا جائے تو بے حد مفید رہتا ہے۔

## قہوہ کُلتھی

**ھوالشافی:**

بھکڑا ۱۰ گرام — چھلکا خربوزہ ۱۰ گرام

تخمِ خربوزہ ۱۰ گرام — دال کلتھی ۱۰ گرام

سرپھوکہ ۱۰ گرام

تمام دواؤں کو دردڑا کر لیں اور ایک کلو پانی میں رات کو بھگو دیں اور صبح اتنا جوش دیں کہ پانی تین پاؤ رہ جائے پھر اِس کو ٹھنڈا کر کے پُن لیں۔

**خوراک:** اِس تین پاؤ پانی کی دو یا تین خوراکیں بنا لیں اور صبح و شام خالی پیٹ مریض کو پلا دیں۔

**فوائد:** پتھری گردہ و مثانہ کے لیے یہ قہوہ دوسری ادویات کے ساتھ لاجواب بدرقہ ہے۔ پتھری کی ہر دوا کے ساتھ اِس کو لازماً استعمال کروائیں تو بہت جلد فائدہ ہوگا۔

## اکسیر سنگرھنی

**ھوالشافی:** کڑا چھال ایک کلو لے کر باریک پیس لیں۔ اور اس کو تین کلو پانی میں رات کو بھگو دیں صبح اتنا جوش دیں کہ پانی ایک کلو رہ جائے پھر اس پانی کو ململ کے باریک کپڑا سے پُن لیں اور اِس پانی کو کڑاہی میں ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں جب گاڑھا رُب بن جائے تو اِس کو کسی پلاسٹک کے کاغذ پر پھیلا کر دھوپ میں خشک کر لیں۔ جب خشک ہو جائے تو سفوف

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


تیار کرلیں اور اِس دوا کے خالی بڑے کیپسول بھرلیں۔

**خوراک:** ایک تا ۲ کیپسول صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**فوائد:** اگر سنگرہنی پُرانی ہو تو صِرف دہی چاول کی خوراک دیں اور یہ دوا مسلسل سات یوم تک ۲ کیپسول دِن میں تین بار کھلائیں۔ بفضلہٖ خدا شفا ہوگی۔

## دوائے قابض (اسہال روک)

**ھوالشافی:**

موچرس ۵۰ گرام
مائیں ۵۰ گرام
گل دھاور ۵۰ گرام
بلکتھ ۵۰ گرام
کوکنار ۵۰ گرام
رال سفید ۵۰ گرام

تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ایک ماشہ تا ۳ ماشہ ہر قسم کے اسہال پیچش مروڑ وغیرہ کے لیے مجرب ترین ہے یہ شدید قابض نُسخہ ہے بچوں کو عمر کے مطابق کم مقدار میں دیں۔

## معجونِ قبض کشاء

**ھوالشافی:**

اطریفل زمانی ۲۰۰ گرام
بادام روغن ۴۰ گرام
سقمونیا ۶ گرام
معجون بنالیں۔

پہلے سقمونیا کو باریک پیس کر اطریفل میں ملالیں اِس کے بعد بادام روغن ملا کر اچھی طرح مکس کرلیں۔ بس تیار ہے۔

**خوراک:** آدھا تا ایک چمچ روزانہ رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی کے ساتھ کھلائیں۔ یہ دوا ایک مریض کا کورس ہے۔

**فوائد:** بفضلہٖ تعالیٰ دائمی قبض کا خاتمہ کرنے والی دوا ہے اِس کے مسلسل استعمال سے دائمی قبض ختم ہو جاتی ہے۔ اتنی مقدار میں دوا استعمال کروائیں کہ روزانہ اجابت بافراغت ہوتی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



رہے۔

## اکسیر اٹھرا

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| مغز کرنجوہ | کشتہ صدف |
| پوست آملہ | پوست ریٹھا |
| دھماسہ بوٹی | کڑو |
| کوڑ زیری | برگ نیم |

تمام ادویات ہم وزن لیں اور باریک پیس کر بڑا سائز کیپسول بھر لیں۔

**خوراک:** ایک کیپسول صبح، ایک کیپسول شام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد پانی یا دودھ کے ساتھ حمل کے تیسرے ماہ شروع کریں اور لگاتار ۶ ماہ تک کھلائیں بفضلِ خدا اٹھرا کا خاتمہ ہو جائے گا۔

**فوائد:** یہ دوا اٹھرا کے لیے بے مثال اور مختصر دوا ہے اِس کے علاوہ مُصفیٰ خون بھی لاجواب ہے۔

## ھاضوم

**ھوالشافی:**

| | |
|---|---|
| اجوائنِ دیسی ایک پاؤ | سونف ایک پاؤ |
| نوشادر ٹھیکری ایک پاؤ | نمک سیاہ ایک پاؤ |

سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ایک تا ۳ ماشہ کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھائیں۔

**فوائد:** زبردست ہاضم ہے۔ متلی، قے، دست، ہیضہ، کمی بھوک اور پیٹ درد کے لیے مجرب ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


# مستورین کیپسول

**ھوالشافی:**

مُصبر ۱۰ تولہ — مُر مکی ۱۰ تولہ

ہیرا کیس ۱۰ تولہ — سبز کونین ۵ تولہ

ریوند خطائی ۵ تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنا کر ۵۰۰ ملی گرام والے کیپسول بھر لیں۔

**خوراک:** ایک کیپسول دِن میں دو تین بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:** تمام امراضِ نسوانی، بالخصوص بے قاعدگی حیض باؤ گولہ، لیکوریا، اختناق الرحم، جریانُ الرحم، کثرتِ بول، خون نفاس کی زیادتی، بے رونقی چہرہ، نکاہت و سستی بدن سر درد اور کمر درد اور خارش بالخصوص مخصوص اعضاء کی خارش وغیرہ کے لیے بے حد مجرب دوا ہے۔ یہ عورتوں کے لیے اکسیر النساء ہے۔ نُسخہ میں اگر ہینگ ۵ تولہ شامل کر لی جائے تو پھر زیادہ مفید ہو جائے گی۔

# موٹاپہ دور شربت

**ھوالشافی:**

تمہ آدھا پاؤ خشک لے کر دردڑا کر کے ایک کلو پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح تین پاؤ چینی ملا کر معروف طریقہ سے شربت بنا لیں۔

**خوراک:** آدھا تولہ تا ۲ تولہ تک اتنا شربت مریض کو پلایئے کہ اِس کو دو تین اسہال روزانہ آتے رہیں۔ اِس سے چند دِن میں موٹا پا کم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ ایک عورت کو بچے کی پیدائش کے بعد موٹا پا کی شکایت ہو گئی اور جسم پُھولنا شروع ہو گیا۔ یہ شربت ایک ہفتہ پینے سے مریضہ بالکل تندرست ہو گئی اُس کا پیٹ بہت بڑھ گیا تھا وہ بھی ٹھیک ہو گیا۔

**فوائد:** یہ شربت اپنڈکس کے درد اور دائمی قبض اور درد حیض جو کہ ناف کے نیچے اور مثانہ کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


اوپر درد رہتی ہے اُس کے لیے بھی مجرب ترین ہے۔

یہ نُسخہ حکیم افتخار احمد صاحب ظفروال والے اُن کا خاص الخاص نُسخہ ہے جو کہ اُن کا معمول مطب ہے۔

## کف کیور یونانی (گولیاں)

**ھوالشافی:**

ستِ ملٹھی عمدہ آدھا پاؤ — مرچ سیاہ ایک تولہ

دونوں ادویات کو خوب باریک پیس کر معمولی شَہد ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں اور کھانسی کے مریض کو ایک گولی دِن میں دو تین بار چوسنے کی ہدایت کریں۔

**فوائد:** یہ ہر قسم کی کھانسی کے لیے مجرب ترین دوا ہے دوسری ادویات بھی مریض کو مَرض کی مناسبت سے دیں لیکن یہ گولیاں ضرور دیں۔ عام طور پر ہر قسم کی کھانسی کے لیے یہی گولیاں کافی رہتی ہیں۔

نوٹ: اگر موسم کی خرابی کی وجہ سے اِس دوا کی گولیاں نہ بنیں تو اِس کو عرق سونف یا عرقِ گاؤزبان میں حَل کرلیں اور تھوڑا سا نمک ملالیں۔

کھانسی کے لیے بہترین مکسچر بن جائے گا۔

## حکیم شہباز حسین اعوان کمائی سوہدروی
### شاگردِ رشید
## حکیم محمد یٰسین دنیاپوری رحمۃ اللہ علیہ



Mob: 0300-6264360

# تعارف

حکیم شہباز حسین اعوان کمائی سوہدروی کا شمار پاکستان کے معروف طبیبوں میں ہوتا ہے۔آپ اُستاذ الحکماء حکیم محمد یٰسین دُنیاپوریؒ مصنف طبی کتب کثیرہ کے شاگردِ رشید ہیں۔آپ ملک بھر میں شہرت رکھتے ہیں اور پشاور سے لے کر کراچی تک لوگ علاج معالجہ کے لئے آپ کے پاس سوہدرہ آتے ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو علم طب میں مہارت کے ساتھ ساتھ دستِ شفاء سے بھی نوازا ہے۔آپ دُکھی انسانیت کی خدمت کے ساتھ ساتھ صدقہ جاریہ کے طور پر اپنے تجربات ومشاہدات سے دوسرے طبیب بھائیوں کو آگاہ کرنے کے [illegible]۔آپ کی لکھی ہوئی طبی کتب نے ملک بھر میں مقبولیت حاصل کی ہے اور ان [illegible] ایڈیشن [illegible] ہیں۔ادارہ مطبوعات سلیمانی آپ کی لکھی ہوئی چھ کتب شائع کر رہا ہے۔جو کہ درج ذیل ہیں۔

- گائیڈ قانون مفرد اعضاء مع شاہکار مجربات
- چوٹی کے مجربات اوّل و دوم
- بیاضِ شہباز
- مردوں کی بیماریاں اور اُن کا علاج
- رہنمائے مطب
- سحر قانون مفرد اعضاء

PDFBOOKSFREE.PK

ادارۂ مطبوعاتِ سُلیمانی
رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور • فون: 042-37232788
042-37361408 E-mail: idarasulemani@yahoo.com
www.sulemani.com.pk